ISSN # 2225-4870
ABC Certified/CPNE Member
یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!
SEPTEMBER 2016
GOLDEN YEARS
69
آفاقی معلومات کا علمبردار
روحانی
ماہنامہ
آئینہ قسمت
لاہور
®
aienaeqismat@gmail.com
ستمگر ستمبر کے
سورج و چاند گرہن
اوجِ مشتری
4
امریکہ کا تیسرا جنم اور عالمی اثرات
برج سنبلہ عکسی و روحانی آئینہ میں
تاریخ ساز امریکی الیکشن
www.astrologyavenue.com is now converted into www.aienaeqismat.com.pk
ہر ماہ ملین سے زائد لوگ علم نجوم کی اس ویب سائٹ پر وزٹ کرتے اور روحانی استفادہ کرتے ہیں
ASTROLOGY FOR ALL

بیادحضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

بانیٔ ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبرشپ 9000 روپے
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد گلشن مارکیٹ لاہور 54660
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ وہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
19-A، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

غلام مصطفیٰ نعیمی

جاری خدا کا نام ہوا زبان سے
آواز آئی بندے میرے لامکاں سے
کیوں نہ رہوں میں ذات خدا سے امیدوار
لاتقنطو کا امر ہے آیا قرآن سے
رونق دوبالا ہو گئی حرم جلیل کی
لات و منات نکلے خدا کے مکان سے
بندوں پہ رحم کرتے رہو تم زمین پر
رحمت خدا کی آئے گی پھر آسمان سے
سرکار دو جہاں بھی تھے مانگتے پناہ
ستر دفعہ ہر روز ہی رب جہان سے
تیرے لئے ہیں خوبیاں ہر شان آن بان
محفوظ رکھنا یا خدا ہر امتحان سے

نعت

خواجہ عمران ناز

دیارِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیری فضا ہے کتنی نورانی!!
مہ وانجم سے دلکش ہے ترے ذروں کی تابانی
سلام اپر درود ان پر، درود ان پر سلام ان پر
کہ جن کے فیض نے بخشا ہے مجھ کو نورِ ایمانی
من از ایں بحث می ترسم کہ او خاکیست یا نوری
مقامِ مصطفےٰ، واعظ! نہ من دانم نہ تو دانی!
تبسم لب پہ ہوتا تھا کہ تارے جھلملاتے تھے
زباں پر بات ہوتی تھی کہ ہوتی تھی گل افشانی
ہے اسوہ اور سیرت ان کی تفسیر کلام اللہ
بجز اس کے نہیں اے راز ممکن کچھ ثنا خوانی
خدایا کر دے روشن میرا سینہ نورِ ایماں سے
کہ ان کے روبرو جا کر نہ ہو مجھ کو پشیمانی!

سلام

سیّد نصیر الدین نصیر

تڑپ اٹھتا ہے دل، لفظوں میں دہرائی نہیں جاتی
زباں پر کربلا کی داستاں لائی نہیں جاتی
حسین ابنِ علی کے غم میں ہوں دنیا سے بیگانہ
ہجومِ خلق میں بھی میری تنہائی نہیں جاتی
اداسی چھا رہی ہے روح پر شام غریباں کی
طبیعت ہے کہ بہلانے سے بہلائی نہیں جاتی
نصیر آخر عداوت کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں
کسی بیمار کو زنجیر پہنائی نہیں جاتی

بتاریخ 17 ستمبر 2016ء بوقت صفر بجکر 4 منٹ بمقام اسلام آباد

بتاریخ یکم ستمبر 2016ء بوقت 14 بجکر 2 منٹ بمقام اسلام آباد

اگست ستمبر دو چاند گرہن ایک سورج گرہن اندرون ملک سیاسی ستمگری کی شدت میں اضافہ کا اشارہ دہشت گردی تخریب کاری کے واقعات اہم سیاسی شخصیات، سربراہ مملکت کی حیثیت و شخصیت صحت جان ومال کے متاثر ہونے کا اندیشہ انہیں اپنی حفاظت پروٹوکول کا خصوصی خیال رکھنا ہوگا، گرہن بد اثرات دے سکتے ہیں

ماہ ستمبر سورج گرہن اور چاند گرہن لگنے سے 15 دن قبل اور 15 دن بعد یہ اثرات دیں گے۔ ماہ کے آغاز میں ہی یکم ستمبر کو دسویں سورج گرہن سے سربرہ مملکت سے متعلقہ سیاسی امور میں پارلیمنٹ، مشترکہ ایوان میں سیاسی گرما گرمی اور وزراء کی تبدیلی اور دوست ممالک کے ساتھ تجارتی امور اثر انداز ہونے کا اندیشہ، تعلیمی اداروں کی سیکورٹی پبلک مقامات پر حفاظتی انتظامات کی ضرورت۔

16 ستمبر پانچویں چاند گرہن سے جرائم اور افواہوں میں اضافہ خصوصاً تعلیم، اسکول اور عوامی تفریحات اور بچوں کے متاثر ہونے کا اندیشہ، سیکورٹی اداروں کو عوامی ذمہ داریاں سنبھالنے کیلئے ہائی الرٹ رہنا ہوگا ممکنہ کسی بڑی تخریب کاری سے بچا جا سکے۔ اندرون ملک مذہبی معاملات اور قانون میں ابہام جیسی کیفیات کو دور کرنے کیلئے عدلیہ از خود نوٹس لے سکتی ہے۔ قانونی معاملات میں تبدیلی کیلئے بعض سینئر ممبران اسمبلی پارلیمنٹ کو اپنی تجاویز پیش کریں اور غیر اسلامی قوانین کو تبدیلی کیلئے زور دیں یہ گرہن ایوان عدل و حکمرانوں کی حیثیت میں اچانک تبدیلی کے اشارے بھی دے رہا ہے۔ حکومت، حکومتی شخصیات بالخصوص سربراہ ملک کیلئے عزت و اعزازات کے ساتھ سیاسی نشست چھوڑنے کیلئے اپوزیشن کا احتجاجی دباؤ اسمبلی اور سڑکوں پر دکھائی دیتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ سربراہ حکومت اسمبلی کے اندر تبدیلی کا عندیہ دیں۔ ورگرنہ یہ گرہن جمہوریت کیلئے خطرہ اور ڈکٹیٹر شپ کی طرف اشارہ بھی دلائے۔

زائچہ (نیو مون): ۔زائچہ نیو مون ثابت برج عقرب کے آخری درجات کا زائچہ چھٹے (سروسز یا اسٹیبلشمنٹ) اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ہمراہ زحل طالع میں ہونے سے اندرون ملک میں نگران حکومت یا مارشل لاء لگنے کی خبریں گردش کرتی رہیں گی۔ وتد السماء پر دسویں کا حاکم (سربراہ مملکت) طاقتور پوزیشن میں ہونے کے باوجود یکم ستمبر سورج گرہن لگنے سے 15 دن قبل تا 15 دن بعد سربراہ مملکت کی حیثیت وشخصیت اور صحت، جان ومال کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ ہائی سیکورٹی کے منتظمین کو اعلیٰ شخصیات صدر، وزیر اعظم، گورنر، وزیر اعلیٰ سبھی کے پروٹوکول کا خصوصی خیال رکھنا ہوگا۔ مختصر ماہ ستمبر میں ملک کی تمام اعلیٰ سیاسی سماجی شخصیات کو اپنی حفاظت کا خصوصی خیال رکھنے کی طرف توجہ دینے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے۔ ستمبر ستمگر زائچہ نیو مون کے طالع میں زحل مریخ کی بدستور قرانی پوزیشن کا آغاز ہی عوام میں حکومت سے متعلق بے اطمینانی بے چینی اور ملک میں آتش زدگی کے واقعات غم وغصہ کا باعث جبکہ مریخ کی اپنے ہی گھر موجودگی سے پاک فوج کی دہشت گردوں کے خلاف سرگرمیاں تیز ادھر سرحد پار مسئلہ کشمیر کا بھارتی جنگی جنون برقرار رہے۔ عوام حکومت اور فوج کھل کر مظلوم کشمیریوں کی حمایت کریں۔ گیارہویں یکم 3,2 ستمبر عطارد مشتری قران سے تجارتی کاروباری اندرون اور بیرون ملک سرگرمیوں میں اضافہ ہو اور ملک میں تعلیم سے ترقی کی آگہی مہم اور حکومتی سطح پر تعلیم کے فروغ کیلئے اقدامات عمل میں آئیں جبکہ مشتری کی نشست سے ملک میں مذہبی سرگرمیوں میں اضافہ حکومتی اقدامات پر تنقید اور وزیر اعظم سے متعلق عدم اعتماد اور انکی خرابی صحت کے اندیشے رہیں۔

زائچہ (فل مون): ۔زائچہ فل مون ستاروں کی نشست کے اعتبار سے زحل کا طالع کے درجات کے برابر اور آٹھویں، بارہویں اور تیسرے مکمل نظر ہونے سے زائچہ فل مون کے اثرات بھی اہم سیاسی شخصیات وسربراہان کو اپنی صحت وسیکورٹی پر محتاط رہنے کی ضرورت اور قدرتی آفات وزلزلے کا اندیشہ، ہسپتالوں میں ایمرجنسی اور سیکورٹی ہائی الرٹ رہے۔ ہمسایہ ممالک سے روابط حساس اور بارڈر پر کشیدہ صورتحال کا سامنا اور میڈیا پر پراپیگنڈہ اور حکومتی نااہلیوں پر بریکنگ نیوز میں تیزی، مریخ کی نویں، بارہویں اور دوسرے مکمل نظر سے عدلیہ خلاف سازشیں بے نقاب اور انصاف کی فراہمی میں تیزی اور ملکی معیشت اسٹاک ایکسچینج میں ترقی کا رجحان۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 5 ستمبر 17 بجکر 38 منٹ تا 8 ستمبر 06 بجکر 20 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

ڈونلڈ ٹرمپ اور ہیلری کلنٹن کی شخصیت اور کردار زائچہ پیدائش کی روشنی میں

امریکا کے صدارتی انتخابات کے لیے امیدواروں کی باہمی رسا کشی اپنے اختتام کو پہنچی اور بالآخر 2 امیدوار اب میدان میں آمنے سامنے ہیں، ری پبلکن پارٹی کے ڈونلڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک صدارتی امیدوار کے طور پر محترمہ ہیلری کلنٹن کا نصیب جاگ اُٹھا ہے، اس سے پہلے بھی وہ صدارتی امیدوار کے طور پر نامزدگی حاصل کرنے کی کوشش کر چکی ہیں لیکن ان کے مقابلے میں بارک اوباما کامیاب رہے تھے اور وہ صدر اوباما کے پہلے دور میں وزارت خارجہ کا قلم دان حاصل کرنے میں کامیاب رہی تھیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ ہیلری کلنٹن ایک غیر معمولی صلاحیتوں کی حامل خاتون ہیں اور ساتھ ہی خوش قسمت بھی ہیں، چناں چہ زندگی میں بہت سے اعزازات اب تک حاصل کر چکی ہیں اور اب امریکا کے سب سے بڑے اعزاز کی جانب پیش قدمی کر رہی ہیں، امریکا کی تاریخ میں اب تک کوئی خاتون یہ اعزاز حاصل نہیں کر سکی ہے۔

ڈونلڈ ٹرمپ صدارتی انتخاب کے میدان میں قدم رکھتے ہی ایک متنازع شخصیت کے طور پر سامنے آئے ہیں، وقتاً فوقتاً وہ ایسے بیانات دیتے رہے ہیں جو کسی نہ کسی تنازع کا باعث بنے ہیں، اب جب کہ وہ باقاعدہ طور پر ایک ری پبلکن صدارتی امیدوار بن چکے ہیں، انہوں نے پھر ایک ایسا بیان دے دیا جس پر تمام امریکا میں چہ مہ گوئیاں ہو رہی ہیں، کہا جاتا ہے کہ وہ ماضی میں بھی اپنی بعض غیر اخلاقی یا جنونی حرکتوں کے لیے مشہور رہے ہیں۔

امریکی انتخابات سے امریکیوں کی دلچسپی تو ایک فطری بات ہے لیکن پاکستانیوں کی دلچسپی بھی کسی طرح کم نہیں ہے، پاکستانی بڑی تعداد میں امریکا میں بھی مقیم ہیں اور پاکستان میں رہنے والے بھی ہمہ وقت کسی نہ کسی وجہ سے امریکا کی طرف دیکھنے پر مجبور ہیں، چناں چہ اپنے قارئین کی دلچسپی کے لیے ہم یہاں دونوں صدارتی امیدواروں کی شخصیت و کردار اور آئندہ کامیابی یا ناکامی کے امکانات کا جائزہ لیں گے۔

ہیلری کلنٹن

امریکا کی سابق خاتون اول اور وزیر خارجہ محترمہ ہیلری کلنٹن 26 اکتوبر 1947 کو شکاگو میں صبح 08:45 am پر پیدا ہوئیں، ایک مشہور شخصیت ہونے کی بناء پر دنیا بھر میں مختلف منجم ان کا زائچہ پیدائش بنا چکے ہیں، ویسٹرن سسٹم کے مطابق بھی اور ویدک سسٹم کے مطابق بھی۔

محترمہ کا برتھ سائن ویدک سسٹم کے تحت عقرب 7 درجہ 26 دقیقہ ہے، سیارہ مشتری 7 درجہ 23 دقیقہ برج عقرب میں موجود ہے اور نہایت طاقت ور پوزیشن میں طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے اور اس کے ساتھ ہی پانچویں (شعور، خوشیاں، اولاد، محبت)، ساتویں (تعلقات، شریک حیات) اور نویں (قسمت، آئین و قانون، مذہب، بیرون ملک تعلقات) پر بھی نہایت سعد اثر

ڈال رہا ہے، مشتری زائچے کے دوسرے گھر کی مول ترکون کا حاکم ہے جس کا تعلق اسٹیٹس اور فیملی سے ہے، اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ پورا زائچہ مشتری کی غیر معمولی سعادت کے سبب رنگین و پرلطف ہوگیا ہے کیوں کہ اس کے علاوہ باقی دیگر سیارگان اتنے اہم نہیں ہیں۔

سیارہ زحل نویں گھر میں اچھی جگہ ہے مگر کمزور ہے، سیارہ قمر برج حوت میں کمزور ہے، حالاں کہ یہ نویں گھر کا حاکم ہے، سیارہ مریخ بھی نویں گھر میں اپنے برج ہبوط میں ہے، دسویں گھر کا حاکم شمس بارھویں گھر میں اپنے برج ہبوط میں ہے لیکن نواں گھر مشتری کی طاقت ور نظر سے تقویت پا رہا ہے، بارھویں گھر کا حاکم زہرہ اپنے ہی گھر میں مضبوط پوزیشن رکھتا ہے، اس پر چھٹے گھر کے حاکم سیارہ مریخ کی نظر ہے جو ازدواجی زندگی کی خوشیوں میں کمی اور فتنہ و فساد کی نشان دہی ہے، گیارھویں گھر کا حاکم عطارد بھی بارھویں گھر میں ہے، راہو ساتویں، کیتو پہلے گھر میں ہے اور کمزور قمر پر نظر ڈال رہا ہے، اس تمام صورت حال میں صرف مشتری ہی ایسا سیارہ ہے جو زائچے کے نہایت اہم اور فائدہ بخش گھروں کو مکمل سپورٹ دے رہا ہے، اگر یہ صورت نہ ہوتی تو ہیلری کلنٹن ایک عام سی مصیبت کی ماری خاتون ہوتیں، مشتری عورت کے زائچے میں شوہر کا نمائندہ بھی ہے لہٰذا مشتری کی بھرپور پوزیشن سے ہیلری کو ایک شاندار کریئر رکھنے والا شوہر ملا جو امریکا کا دو بار صدر بنا اور ہیلری کو وہائٹ ہاؤس جیسی شاندار تاریخی عمارت میں 8 سال گزارنے کا موقع مل سکا، اپنی تمام خوبیوں کے باوجود ہیلری کے شوہر ایک دل پھینک عاشق کے طور پر مشہور ہوئے، اس کی وجہ چھٹے اور بارھویں گھروں کے حاکموں یعنی مریخ اور زہرہ کا باہمی تعلق ہے۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ ایک عقرب عورت کسی صورت بھی بے وفائی برداشت نہیں کرسکتی، برج عقرب ایک نہایت حساس اور گہری جذباتیت کا حامل سائن ہے، عقربی افراد محبت و نفرت میں خاصے شدید ہوتے ہیں، مزید یہ کہ قمری برج بھی حوت ہے اور زائچے میں کثرت کواکب واٹر سائن میں ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہیلری بنیادی طور پر نہایت شدت پسندانہ جذبات و نظریات کی حامل ہیں، ہمیں یقین نہیں ہے کہ انہوں نے مسٹر کلنٹن کی بے وفائیوں کو دل سے معاف کیا ہوگا۔

ایک عقرب عورت تن، من، دھن سے اپنے محبوب یا شوہر کی وفادار ہوتی ہے اور وقت پڑنے پر وہ شوہر کے لیے بڑی سے بڑی قربانی دینے سے گریز نہیں کرتی لیکن اگر شوہر کی بے وفائی کا سامنا ہو تو پھر وہ اسے معاف نہیں کرتی اور اپنے لیے بھی دوسرے راستے کھولنے کے بارے میں سوچ سکتی ہے، ممکن ہے ہیلری کی سیاسی میدان میں سرگرمیاں (صدر کلنٹن کی ریٹائرمنٹ کے بعد) ایسی ہی کسی خلش کا نتیجہ ہوں۔

سوزِ غم دے کے مجھے اس نے یہ ارشاد کیا
جا تجھے کشمکشِ دہر سے آزاد کیا

قمر زائچے کے پانچویں گھر میں واٹر سائن برج میں ہے اور پیدائشی نچھتر (قمری منزل) پروبھدرپد ہے، اس نچھتر پر بھی سیارہ مشتری حکمران ہے جو ایک دانش مندانہ شعور عطا کرتا ہے، اس نچھتر کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد کا بنیادی محرک مادی ترقی ہے، ان لوگوں میں مستقبل کے لیے ایک آئیڈیل یا وژن پر فوکس کرنے کی مضبوط خواہش موجود ہوتی ہے، یہ لوگ عالمی اہداف کے لیے کام کرنا پسند کرتے ہیں تاکہ انسانیت کا بول بالا ہو، بہت آزاد اور خود انحصار ہوتے ہیں، ایک گہری فلسفیانہ دانائی اور سوچ کی اوریجنلٹی کے حامل ہوتے ہیں، سماجی اصولوں، بندشوں سے دور بھاگنا پسند کرتے ہیں، یہ لوگ اپنے ہی طبلے کی تھاپ پر رقصاں رہتے ہیں اور اپنی ہی دھن میں مگن، اپنے ہی راستے پر گامزن، اپنی ہی منزل کی جانب سفر کرنا پسند کرتے ہیں اور اس خیال پر یقین رکھتے ہیں کہ ”شکست خوردہ راستے، شکست خوردہ لوگوں کے لیے ہوتے ہیں“۔

ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہیلری کلنٹن کی پروبھدر میں پیدائش انہیں تھوڑا سا پیچیدہ بناتی ہے، ایسے لوگوں کو ”دو چہرہ“ بھی کہا جاتا ہے، وہ مسائل کو مختلف نکتہ نظر سے دیکھنے کے قائل ہوتے ہیں جس کی وجہ سے دوسروں کو دو چہرہ لگ سکتے ہیں۔

یہ لوگ آسانی سے ذہنی دباؤ کا شکار ہوسکتے ہیں لیکن ایمانداری اور خلوص ان کی اہم خصوصیات ہیں، آپ ان کا شمار ان لوگوں میں کرسکتے ہیں جو راست بازی اور اصولوں پر یقین رکھتے ہیں، خداداد قائدانہ صلاحیتوں کے مالک دوسروں سے کام لینے کے اہل ہوتے ہیں، اگرچہ یہ لوگ عالمی انسانیت کے علم

بردار ہوتے ہیں لیکن اُس وقت تک کسی کی مدد کرنے کے لیے آگے نہیں بڑھتے، جب تک کہ قائل نہ ہوجائیں کہ دست سوال دراز کرنے والا واقعی مہربانی اور ہمدردی کا حق دار ہے۔

اس نچھتر کے زیراثر پیدا ہونے والے دنیا کے دیگر مشہور افراد میں عظیم پیش گو ناسٹراڈیمس، مارٹن لوتھر کنگ جونیئر، سائنس داں مادام میری کیوری، ہیلن کیلر، پاپ سنگر مائیکل جیکسن، کھلاڑی واداکار او جے سمپسن وغیرہ شامل ہیں۔

ڈونلڈ ٹرمپ

موجودہ صدارتی انتخاب کی متنازع شخصیت مسٹر ڈولنڈ ٹرمپ 14 جون 1946ء کو جمیکا میں صبح 10:54 am پر اس جہان فانی میں تشریف لائے، ویدک سسٹم کے مطابق ان کا شمسی برج ثور ہے اور برتھ سائن اسد (Leo) ہے جب کہ قمری برج عقرب اور پیدائشی نچھتر جیشٹھا ہے۔

برج اسد کو بادشاہوں کا برج کہا جاتا ہے، طالع کے درجات 6 درجہ 51 دقیقہ ہیں اور سیارہ مریخ برج اسد میں طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے، مشتری دوسرے گھر میں برج سنبلہ میں ہے اور راہو کی نظر کا شکار ہے، چوتھے گھر میں کیتو اور قمر حالت قران میں ہیں، دسویں گھر میں راہو اور شمس حالت قران میں ہیں گویا راہو کیتو محور کے ساتھ زائچے کے دو اہم سیارگان قمر اور شمس بری طرح متاثرہ ہیں، دوسرے گھر کا حاکم سیارہ عطارد گیارھویں گھر میں طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے، گویا اس زائچے کا سب سے زیادہ سعد و باقوت سیارہ عطارد ہے، زہرہ اور زحل بارھویں گھر میں ہیں۔

بے شک اسد افراد شاہانہ مزاج، فیاض، بالغ نظر اور بہت سی دیگر اعلیٰ صفات کے حامل ہوتے ہیں، خاص طور پر انتظامی صلاحیتیں بھرپور ہوتی ہیں، یہ لوگ اپنے ذاتی بزنس میں بہت ترقی کرتے ہیں لیکن کسی بھی زائچے میں کسی بھی برج کی بنیادی خصوصیات میں منفی یا مثبت اثرات کا جائزہ لینے کے لیے اس برج کے حاکم کی پوزیشن دیکھی جاتی ہے، مزید یہ کہ اس برج پر دیگر سیارگان کے اثرات کس نوعیت کے ہیں، چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ برج اسد کا حاکم سیارہ شمس کمزور ہے اور راہو کیتو محور میں پھنس کر برج اسد کی مثبت خصوصیات کو تباہ کر رہا ہے، راہو سے قران اور کیتو سے مقابلہ، بالغ نظری کے بجائے کینہ پروری اور دیگر منفی کمزوریوں کی نشان دہی کر رہا ہے۔ گویا وہ حصول مقاصد کے لیے جائز و ناجائز کی پروا کرنے والے نہیں ہیں، راہو کی مشتری پر بھی نظر ہے جو پانچویں شعور کے گھر کا حاکم ہے لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ صاحب زائچہ کا شعور بھی منفی اثرات سے پاک نہیں ہے، البتہ راہو اور مشتری کی نظر ایسے بزنس میں بے پناہ کامیابی کا باعث ہوسکتی ہے جو اسلامی نظریات کے مطابق ناجائز قرار پاتے ہیں، مثلاً شراب کا کاروبار، جوئے سٹے کا بزنس وغیرہ جو بہر حال امریکا میں ناجائز کاروبار کے زمرے میں نہیں آتا۔

مریخ نویں گھر کا حاکم ہوکر طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں مذہبی اور نظریاتی انتہا پسندی نمایاں ہوتی ہے، اس کی ایک وجہ قمر اور شمس کے ساتھ کیتو کے نظرات بھی ہیں۔

قمر برج عقرب میں ہبوط یافتہ اور راہو کیتو سے متاثرہ ہوکر فطری طور پر حسد، جیلسی، تنگ نظری اور دیگر اخلاقی برائیوں کو جنم دیتا ہے، چوں کہ برج عقرب ایک واٹر سائن ہے اور قمر یہاں ہبوط کا شکار ہوتا ہے، قمر کا تعلق دماغ سے ہے لہٰذا ایسے افراد راہو، کیتو کے اثرات کی وجہ سے اگر ذہنی اور نفسیاتی مریض بن جائیں تو حیرت نہیں ہونی چاہیے، اب تک اخبارات میں موصوف کے بارے میں جو جنونی نوعیت کے قصے سامنے آئے ہیں وہ قمر کی اس خرابی کی وجہ سے ہیں۔

سونے پر سہاگا یہ کہ قمر چاند کی منزل جیشٹھا میں ہے، یہ بڑا ہی جارحیت پسند اور جنونی نچھتر ہے جو انسان کو خواہشات کا غلام بناتا ہے، اگرچہ اس پر ذہانت کے سیارے عطارد کی حکمرانی ہے لیکن زائچے کی دیگر آراستگی کا رُخ منفی ہے لہٰذا غیر معمولی ذہانت کا رُخ بھی منفی ہوگا، مشہور امریکی ارب پتی ہاورڈ ہیوز کی پیدائش بھی اسی نچھتر میں ہوئی تھی جو ''خبطی ارب پتی'' کے نام سے مشہور ہوا، ان لوگوں میں منفی اثرات کی وجہ سے عجیب وغریب عادتیں یا رجحانات پیدا ہوتے ہیں جو ابتدائی زندگی میں ہی نمایاں ہونے لگتے ہیں، اُن کا حلقہء احباب محدود ہوسکتا ہے یا وہ تنہائی پسند اور دوسروں سے الگ تھلگ رہنے لگتے ہیں، ایک گھنی یا منافقانہ فطرت کا مشاہدہ اس نچھتر کی خصوصیات میں کیا جاسکتا ہے، ایک عجیب تضاد یہ بھی ہوسکتا ہے کہ سختی سے مذہب کی پیروی کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی مادی آسائشوں کے متوالے بھی ہوتے ہیں، اس نچھتر کا بنیادی محرک مادی ترقی اور فطرت راکھشس ہے، یہ لوگ خودخیالی اور خودتوقیری کے مابین ایک باطنی جنگ میں مصروف رہتے ہیں، ایسٹرولوجی ایسے لوگوں کو گھمنڈ، تکبر اور انانیت کی روک تھام کرنے کا مشورہ دیتی ہے، یہ لوگ چڑچڑے، بدمزاج اور جھگڑالو فطرت کے ہوسکتے ہیں، بے شک یہ اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کے سبب اعلیٰ مقام تک رسائی حاصل کرلیتے ہیں۔

اس نچھتر کے زیر اثر پیدا ہونے والی دیگر مشہور شخصیات میں عیسائی فرقے کا بانی مارٹن لوتھر، ماہر فلکیات کوپرنیکس، اطالوی فلسفی نطشے، جرمن موسیقار موزارٹ، عظیم مصور ونسٹ وین گوگ، خبطی ارب پتی ہاورڈ ہیوز، بدنام زمانہ لارنس آف عریبیہ، جرائم پیشہ الپسینو، بھارتی وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی، پاکستانی سیاست داں اور دانش ور رسول بخش پلیجو وغیرہ شامل ہیں۔

شکست وفتح

حسب دستور امریکا میں الیکشن کا آخری معرکہ 4 نومبر کو ہوگا، مسٹر ڈونلڈ کے زائچے میں راہو کا دورِ اکبر جاری ہے، راہو سیاست کا ستارہ ہے، شاید اسی وجہ سے وہ میدان سیاست میں ایک طویل عرصے سے سرگرم ہیں، سب پیریڈ سیارہ مریخ کا جاری ہے جو نویں گھر کا حاکم اور قسمت کا ستارہ ہے، بے شک زائچے میں اچھی جگہ واقع ہے لیکن کمزور ہے، اچھی جگہ واقع ہونے کی وجہ سے وہ مسٹر ڈونلڈ کو الیکشن کے فائنل مرحلے تک لے آیا ہے، مریخ کا سب پیریڈ 29 اکتوبر 2015ء سے شروع ہوا تھا اور 16 نومبر 2016ء تک جاری رہے گا، اس کے بعد زائچے میں مشتری کا مین پیریڈ اور سب پیریڈ شروع ہوجائے گا، ٹرانزٹ کرتے ہوئے سیارے عین وقت پر کرشمہ سازی دکھاتے ہیں، قسمت کا ستارہ مریخ جو سب پیریڈ کا بھی حاکم ہے، 4 نومبر کو زائچے کے چھٹے گھر میں ہوگا لہٰذا خوش قسمتی مسٹر ڈونلڈ سے دور ہوگی، زائچے کا سب سے منحوس سیارہ قمر پانچویں اور گیارھویں کو ناظر ہوگا، اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں وہ خوشیاں نہیں مل سکیں گی جن کی وہ توقع کررہے ہیں یا وہ اپنا مطلوبہ ہدف حاصل نہیں کرسکیں گے۔

دوسری طرف ہیلری کلنٹن کی پوزیشن زیادہ مضبوط نظر آتی ہے، ان کے زائچے میں دسویں گھر کے حاکم سیارہ شمس کا مین پیریڈ چل رہا ہے اور سب پیریڈ سیارہ مشتری کا 26 ستمبر 2016ء سے شروع ہوگا، مشتری ان کے زائچے کا گولڈن اسٹار ہے اور زائچے میں طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے، جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ وہ آج جو کچھ بھی ہیں، زائچے میں مشتری کی اچھی پوزیشن کے باعث ہیں، 4 نومبر کی صبح تقریباً 8 بج کر کچھ منٹ پر طالع برج عقرب طلوع ہوگا، یہ اُن کا ذاتی برج ہے، قمر جو اُن کی قسمت کا ستارہ ہے، زائچے کے دوسرے گھر میں ہوگا اور گھر کے درجات سے ناظر ہوگا، دوسرا گھر اسٹیٹس کا ہے، گویا وہ اپنی زندگی کا ایک نیا اسٹیٹس حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکتی ہیں اور امریکا کی تاریخ بدل سکتی ہیں جس میں آج تک کوئی خاتون ملک کی صدر نہیں بنی۔

عزیزانِ من! دونوں صدارتی امیدواروں کے زائچوں کا تجزیاتی جائزہ آپ کے سامنے پیش کردیا گیا ہے اور وضاحت کے ساتھ ٹیکنیکل معاملات کی بھی نشان دہی کردی گئی ہے جو بہرحال ہیلری کلنٹن کی کامیابی کا امکان ظاہر کررہے ہیں، دونوں افراد کے زائچوں کی روشنی میں اُن کی شخصیت اور کردار پر بھی بات کی گئی ہے، اس اعتبار سے ہیلری کا صدارتی الیکشن جیتنا صرف امریکا کے لیے ہی نہیں، باقی دنیا کے لیے بھی ایک نیک شگون ہوگا (واللہ اعلم بالصواب)۔

کلمہ طیبہ آپ کے سینے پر نقش ہے

از تحریر: شہناز کوثر۔ لاہور

کمپیوٹر کی اس تصویر کے ذریعے یہ حیرت انگیز انکشاف ہوا کہ ہر انسان کی سانس کی نالی پر کلمہ طیبہ کا جز و اول ''لا الہ الا اللہ'' لکھا ہوا ہے جبکہ دائیں پھیپھڑے پر ''محمد رسول اللہ'' کا نقش ہے۔ زندگی کا مدار سانس پر ہے اور آلات تنفس جن سے سانس کی آمدورفت قائم ہے ان پر کلمہ طیبہ منقش ہونا ہر انسان کو دعوت فکر دیتا ہے کہ اگر وہ کائنات کے خارجی دلائل کے ساتھ ساتھ اپنے اندرونی نظام کو دیکھے اور مدبر و فکر سے کام لے تو یہ تسلیم کیے بغیر کوئی چارہ نہیں رہ جاتا کہ ذات خداوندی اور محبوب خدا ﷺ ہر حقیقت سے بڑی حقیقت ہیں اور ان پر ایمان لانا عین فطرت ہے۔ اسی لئے تو قرآن کریم جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر اعلان فرما رہا ہے۔ ''ہم آفاق (عالم) میں اور ان کے اپنے نفسوں میں انہیں نشانیاں دکھائیں گے تا کہ ان پر واضح ہو کہ وہ حق ہے'' (سورہ حم السجدہ، آیت 53)

تمہی ہو دنیا میں وجہ رحمت، تمہی سے عقبیٰ میں ہے شفاعت
نفس نفس کی صدا ہے ہر دم، درود تم پر سلام تم پر

Human body testifies to divine truth

حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کی مدح و ثنا میں زمزمہ سنج کیوں دکھائی دیتے ہیں۔ جب سانس کی آمد و شد کی راہ ہی کلمہ طیبہ کی راہ ہے، جب اللہ تعالیٰ کی واحدانیت اور حضور ختمی مرتبت ﷺ کی رسالت انسان کے خمیر میں شامل ہے، جب انسان کی ساخت میں یہ حقیقت ثابتہ پوشیدہ ہے اور ہر انسان کی زندگی سانس ہے، سانس نالی اور پھیپھڑوں سے اور سانس کی نالی اور پھیپھڑا لاالہ اللہ محمد رسول اللہ سے عبارت ہے تو انسان اپنی فطرت کے اعتبار سے توحید و رسالت کا قائل ٹھہرا۔ وہ انسان غیر مسلم بھی ہو تو بھی اندر سے حضور ﷺ کے ساتھ اپنی بے پناہ محبت، عقیدت کا برملا اظہار کرتا ہے۔ کیوں نہ ہو، اس کی سانس کے آنے جانے کا نظام ہی اسے اس پر مجبور کرتا ہے اس کے سینے میں موجود کلمہ طیبہ کی تڑپ اسے نعتیں کہنے پر مامور رکھتی ہیں۔

حضورؐ سب پہ کرم بار ایک جیسے ہیں
عطائے خاص کے معیار ایک جیسے ہیں

آقا حضور ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا معنی بھی اسی سے سمجھ میں آیا کہ ''ہر پیدا ہونے والا بچہ اپنی فطرت پر پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا نصرانی بنا لیتے ہیں'' فطرت بچے کو سانس لینے پر مجبور کرتی ہے۔ سانس کی نالی اور دایاں پھیپھڑا اپنی ساخت میں کلمہ طیبہ کا حامل ہے تو ہر بچہ اپنی تخلیق کے اعتبار سے اللہ ﷻ و رسول ﷺ کا معترف ہوا۔ بعد میں ماں باپ اسے کچھ بھی بنا دیں۔ اور میرا ایمان ہے کہ زندگی میں جہاں کہیں انسان کو اللہ تعالیٰ اور حضور ﷺ کو ماننے کا موقع ملتا ہے اس کے اظہار کی صورت بنتی ہے۔ انسان اپنے آپ کو اس پر مجبور پاتا ہے۔ ''غیر مسلموں کی نعت'' کی بنیادی وجہ یہی سمجھ میں آتی ہے۔ انسان جب دُنیا میں آتا ہے، اپنی زندگی کے ہر سانس کا محتاج ہوتا ہے جب تک سانس کی ڈوری قائم رہتی ہے، وہ زندہ رہتا ہے، جب سانس کا یہ رشتہ ٹوٹ جاتا ہے، انسان مرجاتا ہے۔ یعنی انسان زندہ رہنے کیلئے سانس کا محتاج ہے اور یہ سانس اسے اللہ تعالیٰ اور اسکے محبوب پاک ﷺ کے طفیل ملتی ہے۔ کمپیوٹر کے ذریعے لی گئی اس تصویر سے معلوم ہوا کہ انسان تو چلتا پھرتا کلمہ توحید ہے۔

دُنیا کی کشاکش میں اے دل! یوں راحت جنت ملتی ہے
توحید کا نعرہ لب پر ہو، تصویر نبیؐ کی سینے میں

حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کر دیتے تھے، لیکن حضور نبی الانبیاء ﷺ

کی اُمت میں آنے کی خواہش حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کی اور ان کی یہ درخواست بارگاہِ خداوندی سے قبولیت کی سند بھی لے چکی۔ تو یقیناً مسیحائی کے اعتبار سے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و فوقیت ثابت ہوتی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو پھونک مارتے تھے اور مردہ زندہ ہو جاتا تھا مگر نوید مسیحا حضور حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وسلم کی مسیحائی کا شہرہ ازل سے ابد تک یوں ہے کہ ہر انسان اپنی ساخت کے لحاظ سے کلمہ طیبہ کا قائل ہے۔ وہ سانس لے ہی نہ سکتا تھا۔ اگر اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اپنی تخلیق میں قائل نہ ہوتا۔ سانس کی نالی اور پھیپھڑے کے ذریعے زندگی ہے اور یہ زندگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے اعتراف و قرار میں مضمر ہے۔ انسانی زندگی کا ہر لمحہ اور ہر سانس اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محتاج ہے۔

ہو نہ یہ پھول تو بلبل کا ترنم بھی نہ ہو
چمن دہر میں کلیوں کا تبسم بھی نہ ہو
یہ نہ ساقی ہو تو پھر مے بھی نہ ہو خم بھی نہ ہو
بزم توحید بھی دُنیا میں نہ ہو، تم بھی نہ ہو
خیمہ افلاک کا استادہ اسی نام سے ہے
نبض ہستی تپش آمادہ اسی نام سے ہے

کمپیوٹر کی اس تصویر کے ذریعے یہ راز کھلتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا جو حکم فرشتوں کو دیا گیا تھا؟ اس کا باعث کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کائنات کی اس ازلی حقیقت کی عظمت کو ملائکہ پر بھی آشکار کرنا چاہتا تھا کہ اللہ ایک ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ فرشتوں کے اس سجدے کی غایت یہی ظاہر ہوتی ہے کہ انسان کی ساخت میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اعلان ہے۔ فرشتے اس سے محروم ہیں، اس لئے انہیں ابوالبشر علیہ السلام کے آگے جھکنے سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا اور جس نے اس حکم سے انکار کیا اس نے گویا کلمہ توحید کی اہمیت کا انکار کیا اور مردود ٹھہرا۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔ ولقد خلقنا الانسان و نعلم ما توسوس به نفسه و نحن اقرب الیه من حبل الورید (7) ”اور بے شک ہم نے آدمی کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو وسوسہ اس کا نفس ڈالتا ہے اور ہم اس سے شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہیں“ مفسرین کرام اس آیت کریمہ کی تشریح و تفسیر میں بہت کچھ تحریر فرماتے رہے لیکن کمپیوٹر کے حوالے سے سامنے آنے والی زیر نظر تصویر سے بات واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری تعلیم کے لئے اپنے شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہونے کی ایک صورت یہ بھی رکھی ہے کہ سانس کی نالی کی ساخت میں اپنی توحید کا اعلان کر رکھا ہے۔ اور اللہ کریم جل جلالہ کی توحید کا اعلان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے اعلان کے بغیر مکمل نہیں ہوتا ہم کلمہ توحید ”لا الہ الا اللہ“ پر ختم نہیں ہوتا ”محمد رسول اللہ“ پر تکمیل پذیر ہوتا ہے اس لئے ہم اس حمد کے قائل ہیں جس میں نعت شامل ہو۔ ہم اس توحید کو تسلیم نہیں کرتے جو حضور سرور کائنات علیہ السلام و الصلوٰۃ ایسی بہت سی قومیں ہیں جو اللہ جل جلالہ کو تو مانتی ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں لاتیں، ایسے لوگ مسلمان نہیں ہیں۔ مسلمان کی شان یہی ہے کہ وہ توحید و رسالت پر ایمان رکھتا ہے۔ زیر نظر تصویر ظاہر کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری شہ رگ سے قریب ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہماری تخلیق کا سبب ہیں۔

ابتداء تم ہو، انتہا تم ہو
عقل حیران ہے کہ کیا تم ہو
صرف نظروں سے پردہ داری ہے
ورنہ ہر شے سے رونما تم ہو
خود شناسی ہے مقصد تخلیق
میری ہستی کا مدعا تم ہو

جب سانس کی آمد و شد کا انحصار اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے روحانی اقرار پر ہے۔ جب تک انسان میں روح موجود ہے، سانس آتی جاتی ہے تو کلمہ طیبہ کے طفیل آتی جاتی ہے، اس لئے ہمیں سوچنا چاہئے کہ ہمارا ہر کام اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی کے لئے ہو، ہم سانس لیں تو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور درود شریف کا ورد کرتے رہیں، بولیں تو اللہ کریم اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں کریں، چلیں تو اللہ جل جلالہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بتائی اور دکھائی ہوئی راہ پر چلیں۔ لکھیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعتیں لکھیں، سنیں تو ان کی باتیں سنیں، دیکھیں تو گنبد خضرا کی یا اس کے عکس پاک کی رعنائیں دیکھیں۔ کمپیوٹر کی یہ تصویر ہمیں یہی سکھاتی ہے۔

یاد ہر دم دلوں میں رہے آپ کی
ہر نفس میں خوشبو بسے آپ کی
ہو ثنا آپ کی سب کے ورد زبان
آپ پر ہوں کروڑوں درود و سلام

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ ستمبر 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کرکے ہم نے عالمین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہوجاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری **2016ء** میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے **2** رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کرکے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کرکے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَارِجَالَ الْغَيْبِ وَيَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَةِ اَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ وَّنْظُرُوْنِيْ بِنَظْرَةٍ يَارُقَبَاءُ يَانُقَبَاءُ يَانُجَبَاءُ يَااَبْدَالُ يَااَوْتَادُ يَاقُطْبُ يَاغَوْثُ اَعِيْنُوْنِيْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عالمین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے **6** کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جاکر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کرکے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری								تیسری							چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

قران عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 31 اگست 10 بجکر 52 منٹ مکمل نظر 2 ستمبر 21 بجکر 43 منٹ اور خاتمہ نظر 3 ستمبر 18 بجکر 36 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی علوم وکاروبار، کشادگی رزق کیلئے اسمائے حسنیٰ کا نقش ساعت مشتری میں بنا کر پاس رکھیں۔

نقش چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یا اللہ	یا علیم	یا رزاق	یا شکور
یا شکور	یا رزاق	یا علیم	یا اللہ
یا علیم	یا اللہ	یا شکور	یا رزاق
یا رزاق	یا شکور	یا اللہ	یا علیم

تربیع شمس زحل: اس نحس وقت کی ابتداء کم ستمبر 6 بجکر 45 منٹ مکمل نظر 8 بجکر 21 منٹ اور خاتمہ نظر 2 ستمبر 21 بجکر 10 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کو مشکلات میں ڈالنے کیلئے سورۃ کوثر کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش آگے دیا جارہا ہے)

تسدیس زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 6 ستمبر 20 بجکر 18 منٹ مکمل نظر 7 ستمبر 16 بجکر 33 منٹ اور خاتمہ نظر 8 ستمبر 12 بجکر 50 منٹ پر ہوگا۔ ناراض زوجین میں اُلفت ومحبت پیدا کرنے، دوستی، تسخیر خلق کیلئے سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش ساعت زہرہ میں باپرہیز پاس رکھیں اور دوسرا نقش پھلدار درخت سے باندھیں۔ قرآنی اعجاز پائیں گے۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۳	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

تربیع شمس مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 11 ستمبر 8 بجکر 15 منٹ مکمل نظر 14 ستمبر 1 بجکر 39 منٹ اور خاتمہ نظر 15 ستمبر 10 بجکر 54 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین میں نفاق، عداوت، زبان بندی کیلئے سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۷۰۷۱۲	۵۶۵۶۹۸	۲۱۲۱۳۶
۳۵۳۵۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۹۴۹۸۶
۴۲۴۲۷۴	۲۸۲۸۴۸	۱۴۱۴۲۴

تربیع عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 12 ستمبر 9 بجکر 12 منٹ مکمل نظر 12 ستمبر 23 بجکر 58 منٹ اور خاتمہ نظر 13 ستمبر 7 بجکر 21 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین میں جدائی، بندش یا کاروبار کی بندش کیلئے اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش ساعت مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۲۲۹	۱۸۳۸	۶۸۷
۱۱۴۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۰۹
۱۳۸۰	۹۱۶	۴۵۸

قران شمس عطارد: جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 16 بجکر 37 منٹ پر ہوگا، مکمل نظر 13 ستمبر 4 بجکر 40 منٹ اور خاتمہ نظر 13 ستمبر 10 بجکر 42 منٹ پر ہوگا۔ ذہنی اہلیت، قابلیت وتخلیقی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے سورۃ طٰہٰ کی آیت کی لوح گلے میں پہنیں والدین بچوں کو بھی پہنا سکتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ		
۸ زدنی	۱ رب	۶ علماً
۳ علماً	۵ زدنی	۷ رب
۴ رب	۹ علماً	۲ زدنی

تسدیس زہرہ مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 18 ستمبر صفر بجکر 29 منٹ مکمل نظر 19 ستمبر 16 بجکر 53 منٹ اور خاتمہ نظر 21 ستمبر 9 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ ناراض زوجین میں اُلفت پیدا کرنے کیلئے 9 آیات اُلفت قرآنی کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔ ساعت زہرہ میں دُعا کرکے پھلدار درخت سے باندھیں۔

۷۸۶		
۱۸۱۱	۱۴۴۹۵	۵۴۳۳
۹۰۵۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۲۶۸۴
۱۰۸۷۳	۷۲۴۴	۳۶۲۲

قران شمس مشتری: جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 25 ستمبر 4 بجکر 35 منٹ، مکمل نظر 26 ستمبر 11 بجکر 59 منٹ اور خاتمہ نظر 27 ستمبر 3 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ شمس مشتری چونکہ دونوں آتشی ستارے ہیں ان کے قران کے نتیجہ میں تخلیق، تعمیر، ترقی اور رسک لینے جیسے کاموں میں کامیابی کیلئے سورۃ یٰس کے خالی البطن نقش سے فیضیابی ممکن ہے۔

۷۸۶		
۱۸۴۵۰	۱۴۷۶۱۰	۵۵۳۵۰
۹۲۲۵۰	یہاں مقصد لکھیں	۱۲۹۱۶۰
۱۱۰۷۱۰	۷۳۸۰۰	۳۶۹۰۰

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

کراماتِ لوحِ اوج مشتری خاص

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

اوج مشتری 9 ستمبر 2016ء سے لیکر 30 ستمبر تک ہوگا۔

اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کوکب کی قوت و تاثیر علیحدہ رکھی ہے۔ ان میں مشتری مال و دولت، مالی وسعت اور ترقیوں کا حاکم ہے۔ مالی لحاظ سے اگر کوئی شخص انتہائی بدقسمت ہو مسائل پیچیدہ اور گھمبیر حالات ہوں تو سوائے مشتری کی قوت کے کسی اور کوکب سے فائدہ نہیں اُٹھایا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مسبب الاسباب ہے۔ عالم سفلی کو اس نے عالم اسباب قرار دیا ہے۔ لہٰذا جب تک مناسب سبب اختیار نہیں کیا جاتا اس کا فائدہ نہیں ہوتا۔ اس سال سعد اکبر ستارہ مشتری ماہ ستمبر میں اوج میں آ رہا ہے۔ اس موقعہ پر اہل علم ضرور فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ مشتری کے اوج کو ضائع کرنا اپنی قسمت کو لات مارنے کے برابر ہے۔ یہ میں ایسے نہیں کہہ رہا بلکہ سچائی بیان کر رہا ہوں۔ بہر حال ماہرین علم جفر و عاملین و کاملین ایسے وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں۔ گزشتہ جب مشتری شرف میں آیا تھا تو بے شمار لوگوں نے اپنے لئے خاص الواح تیار کروائیں تھیں۔ آج کی محفل میں لوح اوج مشتری خاص پیش کر رہا ہوں۔ اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

فوائد لوح اوج مشتری

حصول دولت و روحانیت میں کامیابی، خوش قسمتی کیلئے، فراوانی رزق، شفائے امراض، حصول اولاد، عزت، حفظ و امان کیلئے، تکمیل امید، آرزو، جائیداد میں نفع ہو، حوصلہ جرأت، سحر و جادو ٹونہ، سایہ، آسیب کے خاتمہ کیلئے، ویزہ بیرون ملک، خوشحالی، شادی کیلئے، حصول علم، رہائی از قید، نجات از مصائب و تفکرات، ہر جگہ فتح یابی کیلئے، فرحت و سکون قلب کیلئے، کاروبار کی ترقی، گھریلو خوشحالی، غربت کا خاتمہ ہو، قرضہ ادا ہو، نحوست و بدبختی دور کرنے کیلئے، انعامی اسکیموں ملکی و غیر ملکی میں کامیابی کیلئے غرضیکہ ہر قسم کی پریشانیوں سے بچنے کیلئے تیار کر سکتے ہیں۔

ترکیب استعمال:۔ لوح مبارکہ کو مشک و زعفران سے گولڈن کاغذ پر ساعت مشتری میں تحریر کریں۔ لکھنے کی جگہ علیحدہ پاک و صاف ہونی چاہئے اور کمرہ خوشبو سے معطر ہو۔ رجال الغیب سامنے کی طرف نہ ہو اور منہ میں سچا موتی ہو۔ لوح مبارکہ تیار کرنے کے بعد چاندی میں بند کرا لیں۔ خواتین سونے میں بند کرا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ تانبہ پر بھی بنا سکتے ہیں۔ اور لکھنے کے بعد مندرجہ ذیل عبارت عمل اول و آخر 110-110 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 1211 مرتبہ 11 روز تک پڑھ کر لوح پر دم کر دیں۔ پھر 360 روپے کی نیاز بانٹ کر اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ چاروں اطراف سے خوشحالی آئے گی۔ عبارت عمل یہ ہے:۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یغنیھم اللہ من فضلہ یا رزاق یا وھاب یا منعم یا مغنی یا فتاح یا باسط یا کریم یا وھاب

لوح مبارکہ یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاصرفیائیل

لا الہ الا اللہ یا طاطائیل یا عطقیوش ۲۴۳۲	یا منعم یا مغنی یا میکائیل یا سلوحیوش ۲۴۴۵	یغنیھم اللہ یا جبرائیل یا عطقھیوش ۲۴۴۲	یا کریم یا وھاب یا رفتمائیل یا ویوش ۲۴۳۹
من فضلہ یا اسرافیل یا ھلقیوش ۲۴۴۳	یا فتاح یا باسط یا عزرائیل یا قیوش ۲۴۳۸	محمد رسول اللہ یا روپائیل یا اردیوش ۲۴۳۳	یا رزاق یا وھاب یا اموا کیل یا ظلھیوش ۲۴۴۴
یا منعم یا مغنی یا میکائیل یا سلوحیوش ۲۴۳۷	لا الہ الا یا طاطائیل یا عطقیوش ۲۴۴۰	یا کریم یا وھاب یا رفتمائیل یا ویوش ۲۴۴۷	یغنیھم اللہ یا جبرائیل یا عطقھیوش ۲۴۳۴
یا فتاح یا باسط یا عزرائیل یا قیوش ۲۴۴۶	من فضلہ یا اسرافیل یا ھلقیوش ۲۴۳۵	یا رزاق یا وھاب یا اموا کیل یا ظلھیوش ۲۴۳۶	محمد رسول اللہ یا روپائیل یا اردیوش ۲۴۴۱

وکفی باللہ شھیدا محمد رسول اللہ ... شمھورش

اوجِ مشتری کایا پلٹ لوح

ازتحریر: میاں جاوید اقبال، ناروال

مال و دولت، خوش بختی، فتوحات، وسعت رزق، حج و شادی، حصول انعام

قارئین کرام! گزشتہ ستمبر 2004ء کے بعد سیارہ مشتری کو عین 12 سال کے بعد 9 ستمبر 2016ء میں اوج کی با قوت اور مؤثر ترین سعادت حاصل ہورہی ہے۔

سیارہ مشتری:۔ سیارہ مشتری کو ہر بارہ سال بعد شرف اور ہر بارہ سال کے بعد اوج کی سعادت نصیب ہوتی سیارہ مشتری تمام قارئین و عاملین جانتے ہیں کہ شرف و اوج کی حالت میں اس سعد موقع پر مال و دولت، مالی وسعت، خوش بختی، حج وعمرہ کی سعادت شادی، حصول انعام و اکرام مقابلہ اور امتحانات میں کامیابی کیلئے مختلف قسم کے عمل تیار کرتے ہیں۔ کیونکہ اس سیارہ مشتری کو عاملین و ماہرین نجوم مال و دولت کا سیارہ کہا جاتا ہے۔ اسی لئے اس کی سعد ترین ساعات شرف و اوج میں حصول مال و دولت کا عمل تیار کرنا اپنا وطیرہ بناتے ہیں ہر سیارہ کی قوت الگ الگ ہوتی ہے خاص کر مال و دولت کا حاکم سیارہ ہے اس کو بارہ سال بعد اوج کی سعادت نصیب ہوتی ہے۔ یعنی کہ اگر کوئی مالی لحاظ سے انتہائی بدقسمت ہو اس کی بدقسمتی کو بدلنے کے لئے کافی انتظار کرنا پڑتا ہے۔ اگر کوئی شخص مدتوں قرض میں گرفتار ہو یا باوجود آمدن رکھنے کے ہمیشہ مبتلائے فکر و افلاس رہے تو سوائے مشتری کی قوتوں کے کسی اور سیارہ کی قوت سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ خوش قسمتی اور بدقسمتی ہمیشہ انسان کے گرد منڈلاتی رہتی ہے۔ خوش قسمتی کو اسباب سے بلایا جاسکتا ہے۔ اور بدقسمتی کو دور کیا جاسکتا۔ جس طرح کہ ایک کہاوت ہے ''بارہ سال بعد روڑی کی بھی سنی جاتی ہے'' اس لوح سے کئی حضرات کی کایا پلٹتی دیکھی ہے اسلئے اس کو اگر ''کایا پلٹ لوح'' کہا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ عقلمندی کا تقاضا ہے کہ تجربات، علم و ادراک کی قوتوں سے کام لیکر ان تمام اسباب کو اپنایا جائے جو خوشی لاتے ہیں۔ جب تک ان اسباب کا علم نہ ہوگا۔ اس وقت تک بدقسمتی گھیرے رکھے گی۔ اس سے امیر و غریب کو فائدہ ہوگا۔ ان افراد کیلئے تحفہ انمول ہے جو ہمیشہ سے بدقسمتی کا رونا روتے ہیں یا مالی لحاظ سے بہت کمزور ہیں۔ یا کسی نہ کسی طرح سے خوشی نصیب نہ ہوئی ہو۔

اوج مشتری:۔ برج میزان کے 2 درجہ پر مشتری کو اوج کی سعادت نصیب ہوتی۔ اہل زمین پر مشتری کی جو تاثیر اس وقت پڑے گی وہ خیر و برکت اور دولت کی ہوگی۔ اس لوح کا حاصل ہونا اسباب مال و دولت کا ایک عظیم سبب اختیار کرتا ہے۔

دھات:۔ اس لوح کیلئے چاندی کی 32 گیج مرور شکل میں تیار کروائیں اور لوح کو عین سعد ساعات میں اُتار کر سونا پالش کروالیں یا پھر سونے کی دھات پر تیار کروائیں۔

اوقات اوج مشتری:۔ اوج مشتری 9 ستمبر 2016ء سے لیکر 30 ستمبر تک ہوگا۔

صدقات مشتری:۔ دال چنا، سنہری کپڑا، شکر زرد چوب نمک زرد، مکئی زرد، زرد عقیق بوقت اوج رباء میں صدقات کریں۔

بخورات مشتری:۔ دوران عمل زعفران، لوبان، رال عود، کافور، صندل سرخ کا بخور روشن کریں اور لوح کو دھونی دیں۔

طریقہ عمل لوحِ مشتری:۔

الواح لکھنے کے تمام قواعد کو مدنظر رکھتے اور تمام لوازمات کو مکمل کرنے کے بعد عین اوج کے اوقات میں درج ذیل عمل کو چاندی کی مدور لوح پر کسی آہنی قلم سے اُتار لیں یا کندہ کریں۔ اگر تمام قواعد و ضوابط مکمل کر کے اسکو لکھا جائے تب یہ اپنا اثر فوری ظاہر کر دیتی ہے۔ کوشش کریں اسکو چاندی پر اُتار لیں۔ کیونکہ اس نے ساری عمر کام دینا ہوتا ہے اور یہ روز روز نہیں بنتی۔ اسکو دوبارہ بنانے کیلئے 12 سال کا انتظار کرنا ہوتا ہے۔

قرآن کریم کا زندہ جاوید معجزہ ھے:۔ جس سے آج تک کوئی بھی مایوس نہیں ہوا ہے۔ یہ سورۃ نور میں حضرت یوسف علیہ السلام کی دُعا کی روحانیت سے کام لیا گیا ہے۔

یَّغۡنِیْہِمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ **ترجمہ**:۔اے اللہ مجھے اپنے فضل سے غنی کر دے۔

سیدھا رُخ

اُلٹا رُخ

تنجیم:۔اس لوح مبارکہ کی تنجیم کر کے اس کو استعمال کریں یعنی روزانہ سات دن تک اس کو کھلے آسمان کے نیچے رکھیں طلسم والا رخ آسمان کی طرف ہو اور اس پر بعد از نماز عشاء حضرت یوسف علیہ السلام دعا 2186 مرتبہ اور 200

یَّغۡنِیْہِمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ

مرتبہ یَا منعم پڑھ کر لوح پر دم کریں پھر آسمان کے نیچے رکھیں تا کہ سیارہ مشتری کی شعاعیں اس پر پڑ سکیں سورج طلوع ہونے سے قبل اس کو اُٹھا لیں یہ عمل مسلسل سات دن تک کرنا ہے۔اور ان کو دوران تنجیم چھپا کر رکھتا ہے کہ کسی اور کی نظر نہ پڑے۔

استعمال:۔ تنجیم کے بعد اس کو لوبان یا عود کی خوشبو لگا کر بٹوے میں رکھیں یا گلے میں پہن لیں ہر طرح سے کام دے گی۔اگر آپ چاندی کی لوح نہیں بنوا سکتے تو گولڈن کاغذ پر زعفران اور مشک سے بھی بنا سکتے ہیں۔

فوائد لوحِ مشتری:۔ مشتری سیارہ کو مالی خوش بختی، خوشحالی، فراخی رزق، حصول مال و دولت، ترقی رزق، ترقی مراتب آمدن کے مختلف ذرائع پیدا کرنا، حج و عمرہ کی سعادت نصیب ہونا، بے اندازہ دولت کا سبب پیدا کرنا ادائیگی قرض اور انعامی اسکیموں سے قسمت کھلنے کی کلید گردانا جاتا ہے۔
محبت، نکاح و شادی، فتوحات، زیارات مقدسہ و حج و عمرہ، غربت افلاس کا خاتمہ کاروبار و تجارت میں برکت اولاد نرینہ، جائیداد کے حصول، شہرت آرام دہ زندگی، خوشحال گھریلو زندگی، ہر قسم کے مصائب اور پریشانیوں سے نجات اور ایسے اسباب کا سبب بننا جس سے بدقسمتی کو خوش قسمتی میں تبدیل کرنا ہے۔جس کسی کے پاس لوح مشتری ہوگی وہ دُنیا کا خوش قسمت انسان گردانا جاتا ہے۔

اوج مشتری

ازتحریر: آغا حسنین احمد بہاولپور

دولت کے ستارہ مشتری کے خواص وافعال کو تفصیل سے لکھوں تو ایک کتاب بن جائے گی۔ مختصراً یہ افزائش دوستی خلق، خوش قسمتی، تکمیل اُمید، آرزو، حب، تسخیر حصول دولت، روحانیت، جذبہ انسانیت، ترقی، فراوانی رزق، رہائی از قید، نجات از مصائب وتفکرات، حصول علم، فتح یابی ہر مقابلہ، افادہ زمینداری، ویزہ بیرون ملک، خوشحال شادی، حفظ وامان، تحفظ از جادو سحر ٹونہ، شفائے امراض، حصول اولاد، حوصلہ جرأت، تجاویز میں مثبت تاثرات، خرید وفروخت، جائیداد میں نفع، فرحت وسکون قلب، اس کے ادنیٰ اثرات میں سے ہیں۔ اس کا مطلب ہے ستاروں میں ضرور خدانے خاص تاثیر رکھی ہے۔ ورنہ ان کو مسخر کرنے کا فائدہ ہی کیا؟ نظام قدرت سے حصول خوش بختی کی توقع رکھنے والوں کو گزشتہ 13 برس سے اوج مشتری کا انتظار تھا۔ دولت کے ستارہ مشتری کو برج میزان کے 2 درجہ تک اوج ہوتا ہے۔ ہر زمانہ میں انسان کو مصائب دُکھوں ناکامیوں نے پریشان کیا۔ ہر شخص کا مقصد حیات کامیابی وخوشحالی ہوتا ہے اس لئے ہمارے لئے علم الساعات سے واقف ہونا از حد ضروری ہے۔ جدید سائنس نے کائناتی نظام حیات پر ستاروں کے اثرات کو تسلیم کرایا ہے ستاروں سے زمین کی طرف شعاعیں جن کی ہم پیائش نہیں کر سکتے۔ سائنس نے ان کے نام مقرر کر دیئے ہیں اور ابھی نجوم پر سائنسی تحقیق جاری ہے۔ کوکب مشتری سفید مائل بہ سرخی ہے۔ چھٹے آسمان پر طلوع ہوتا ہے طبع آتشی ہے ہر منزل میں 5 ماہ قیام ہے، دن جمعرات ہے۔ اس دن کی پہلی ساعت مشتری کی ہوتی ہے۔ اس کوکب کا ملک حضرت اسرافیل علیہ السلام ہے۔ جس کا ورد (یَا کَبِیرُ یَا مُتعالُ) ہے۔ اعداد 773 ہیں۔ اس فرشتہ کی تسبیح یہ ہے۔

اوج مشتری 2016ء:۔ عربی میں اس ستارہ کا نام مشتری ہے۔ فارسی میں برجیس ہے۔ سنسکرت میں برہسپت ہے۔ انگریزی میں Jupiter ہے۔ یہ ستارہ سست رفتار ہے اس کا قطر 79000 ہزار میل ہے اور ہماری زمین سے بارہ گناہ بڑا ہے۔ اسکی رفتار 9 گھنٹہ 55 منٹ ہے اور 4327 دنوں میں یہ اپنی محوری گردش مکمل کرتا ہے۔ سورج سے اسکا فاصلہ سال کے عرصہ میں ہے۔ ایک برج میں اسکا قیام 13 ماہ ہوتا ہے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری مال ودولت مالی وسعت اور ترقی کا حاکم ہے۔ جو شخص مالی لحاظ سے بدقسمت ہو۔ مدتوں قرض میں گرفتار ہو۔ آمدن کے باوجود مالی تفکرات وافلاس ہو تو اس کو اوج مشتری کی قوت سے استفادہ کرنا چاہیے ورنہ 13 سال مزید انتظار کرنا پڑے گا۔ اس کی متعلقہ دھات سونا ہے۔ اوج مشتری میں تیار کی گئی الواح خوشیوں سے محروم مالی پریشانی، بدحالی سے چھٹکارہ حاصل کرنے والوں کے لئے نوید مسرت ہے۔ لوح کو اپنے پرس۔ بریف کیس، اٹیچی کیس۔ الماری یا بکس یا سیف میں رکھیں۔ ناپاک نگاہوں سے محفوظ کریں۔ سونا تمام دھاتوں میں قیمتی ہے اور ہیرا تمام پتھروں میں سے سونا سے بھی قیمتی ہے اور امیر ہو یا غریب اس کو سونا ہیرا دیکھنے سے ہی خوشی آجاتی ہے۔ اسی طرح مشتری کا اوج خدا کی قدرت سے فیضیابی کا ایک سبب ہے۔ گویا ایک نسخہ کیمیا ہے جو رزق کو فراخی دے گا۔ اللہ تعالیٰ مسبب الاسباب ہے۔ اس عالم ارضی کو خدا نے عالم اسباب قرار دیا ہے۔ جب تک مناسب سبب اختیار نہ کیا جائے مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ ملازمت نہ کریں، کاروبار نہ کریں تو حصول مال کا وسیلہ نہ ہوگا۔ قرآن پاک میں واضح تحریر ہے کہ (والنجوم مسخرات بامرہ) یہ کواکب اللہ تعالیٰ کے خاص امر کے پابند ہیں۔

صدقات مشتری:۔ دال چنا، کپڑا سنہری، شکر سرخ، زرد چوب، نمک زرد، عقیق زرد، ذبیحہ جانوران بر نگ زرد وغیرہ ہیں۔ 16-9-9 تا 16-9-18 بموقع اوج مشتری ان صدقات کی غرباء میں تقسیم آپ کے لئے باعث خوشحالی ہوگی اس موقع کو ہرگز ضائع نہ کریں پھر یہ موقع 12 سال بعد آئے گا۔

ربِ کائنات نے فرمایا:۔ قرآن مقدس پارہ نمبر 27 قال فما خطبکم سورۃ النجم نمبر 53 آیت نمبر 1 (والنجم اذا ھویٰ) (قسم ہے ستارے کی جب کہ وہ اُترا) ستارہ کے معنی ہیں۔ روشن کروں میں سے ایک کرہ جو رات کو آسمان پر چمکتا دکھائی دیتا ہے اسی کو نجم یا کوکب بھی کہتے ہیں۔ انہیں میں سے مشتری ایسا ستارہ ہے جو انسان کے لئے خوش نصیبی، اچھا مقدر، اقبال مندی، خوشحالی، کامیابی اور کامرانی کی نوید لاتا ہے۔ مشتری مشکل کشاء نہیں۔ مشکل کشاء خود رب الرحیم ہے۔ اس نے ستارہ مشتری کو بطور سبب پیدا فرمایا جو خوش بختی اور خوشحالی لاتا ہے۔ یہ نہایت سست رفتار ستارہ ہے جو الٹی سیدھی چال چلتا ہے۔ چونکہ ہر برج میں تیرہ ماہ قیام کرتا ہے اس لئے تیرہ سال میں بارہ برجوں کا دورہ مکمل کرتا ہے۔ علم نجوم کی بابید بارہ برجوں اور سات ستاروں پرے جن میں سے زحل اول درجہ کا نحس اور مریخ نحس درجہ دوم ہے۔ باقی پانچ ستارے شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مشتری سعد ہیں، شمس کا تعلق اقتدار، جاہ وجلال، اعلیٰ منصب سے ہے، قمر کا تعلق صحت سے ہے، زہرہ کا محبت وتسخیر خلق سے عطارد کا لکھنے پڑھنے سے اور مشتری کا تعلق مال ودولت خوشحالی وکامرانی سے ہے۔ یہ کہنا غلط ہے کہ لوح مشتری صرف

ان افراد کو فائدہ دے گی۔ جن کا حاکم ستارہ مشتری ہو۔ حقیقت ہے کہ ستارہ مشتری واحد سیارہ ہے جو ہر شخص کے طالع برج میں تیرہ ماہ تک حرکت پذیر ہو کر خوشحالی کا باعث بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کریم ہے اس نے سیارہ مشتری کو پیدا ہی اس لئے فرمایا کہ مخلوق کے ہر فرد کو فوائد دیتا رہے۔ حجر و شجر، چرند پرند، درند تمام مخلوق خدا پر ستارہ مشتری کے اثرات کا مطالعہ جدید سائنس دان باقاعدہ کر رہے ہیں۔ وقت گزرنے پر ستارہ مشتری سے متعلق بہت ہی اچھی معلومات انسان حاصل کرلے گا۔

لوح اوج مشتری کی تیاری:۔ تواریخ و اوقات اوج مشتری سے قبل لوح مخلوط، تانبا + چاندی 3x3 کی گیج 32 میں تیار کرائیں اور اوقات اوج مشتری میں لوح کا سامنے کا یہ خاتم مشتری علیحدہ بنایا جائے۔

اس طلسم غلبہ مشتری کو الگ بنائیں

لوح اوج مشتری کا رُخ اوّل

٧٨٦

وَاللّٰہُ خَیْرُ النّٰاصِرِین

ث	٨١	٣٥٣	٣٣	٧٣	٧٧	٣٥٨	ل
٣٥٣	٣٥	٧٩	٨٢	٣٥٧	٣١	٧٣	٧٨
٣٦	٣٥٧	٧٩	٩٨	٣٢	٣٦٠	٧٥	٧٢
٨٠	٩٧	٣٧	٣٥٥	٧٦	٧١	٣٣	٣٥٩
٩٣	٨٩	٣٣٦	٣٢	٦٦	٨٥	٣٥٠	٣٨
٣٣٥	٣٣	٩١	س	٣٣٩	٣٩	٩٥	٨٦
٣٣	٣٣٨	٨٧	ں	٣٠	٣٥٣	٨٣	٩٣
٨٨	٥٩	٣٥	٣٣٧	٨٣	٣٣	٣١	٣٥١

وفق ١٢٧٨ ہے۔ جو واللہ خیر الناصرین کے عدد ہیں۔ لوح تیار کرنے کے بعد اسی آیت کا (١٢٧٨) بار ورد کر کے لوح پر دم کریں لوح کو سونا کی پالش کرالیں۔ ١٢٧٨ کا موکل ح ع رغائیل ہے لوح اوج مشتری کی پشت پر یہ طلسمات اور خاتم اور موکلات درج کریں۔ سائل کا نام مع نام والدہ بھی لوح کی پشت پر درج کریں۔ آئندہ اوج مشتری 12 سال بعد ہوگا۔

لوح اوج مشتری کا رُخ عقبی

یاحعر غائیل مال و دولت لائو بحق
یاباسط یادلیل یتن یاحکیم یاجلیل
یاحاکم یاشفیع یامحیی یاحکم یااللہ
یاسبوح یااول یامحیط یاحسیب
یاودود یابدوح یادائم یاحلیم

اللّٰھم افتح لی ابواب دولت والرزق
ذوالملن وھب لی روبیہ کثیراً بحق
الوھاب اوج مشتری

نام.................. بن/بنت..................

رُخ اور لوح کا عقبی رُخ پُر کریں۔ جو افراد لوح کی استطاعت نہ رکھتے ہوں۔ وہ سفید کاغذ پر محلول عرق گلاب + زعفران سے بنالیں۔ اجازت ہے۔

قول علامہ صابرؒ ہے کہ اگر کسی کا حافظہ اس قدر کمزور ہو چکا ہو کہ اس کو بات یا سبق یاد نہ رہے اور بھول جانے کا عارضہ ہو تو وہ شخص ذیل کی آیات کو سفید کاغذ پر زعفران سے 41 (اکتالیس) عدد لکھے روزانہ شب کو سونے سے قبل کپ میں پانی ڈال کر تعویذ کو اس میں ڈبو لے اوپر پرچ یا موٹا کاغذ رکھے کہ کوئی مکھی، مچھر، پتنگا اس میں نہ پڑے۔ صبح کو تعویذ کو اسی پانی میں نچوڑ کر شاپر میں ڈالے اور پانی کو پی لے۔ نچوڑے ہوئے تعویذ 41 یوم بعد شاپر میں سفید پتھر ڈال کر دریا یا نہر یا سمندر یا ندی نالے چشمہ میں بہادے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

محلول زعفران سے یہ آیات تحریر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اَلرَّحۡمٰنُ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ط خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الۡبَيَانَ ۝ اَلشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ وَ النَّجۡمُ وَ الشَّجَرُ يَسۡجُدٰنِ ۝ بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِيۡدٌ فِىۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ۝ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا وَافِیُ یَا بَاقِیُ ط

9-9-2016 تا 18-9-2016 تفصیلی مضمون ماہنامہ ''آئینہ قسمت'' کے شمارہ اگست میں شائع ہو چکا ہے۔ لوح اوج مشتری برائے حول فراخی رزق، مال ودولت، خوشحالی، صحت یابی، مقدمہ میں کامیابی، ہر کام میں فتح یابی، شادی، بخت کشائی، عہدہ منصب میں استحکام، دفع سحر۔

سامنے کا رخ یہ ہے:۔

قولہ له

صرفیائیل ۷۸۶

کھیعص — حمعسق

ومن يتق الله يجعل له	مخرجاً ويرزقه	من حيث لا يحتسب	يا مغني
۱۱۲۰	۱۱۱۰	۸۲۱	۱۱۷۱
۱۱۰۹	۱۱۱۷	۱۱۷۴	۸۲۲
۱۱۷۳	۸۲۳	۱۱۰۸	۱۱۱۸

يَا غَنِيُّ أَغْنِنِي بِحَقِّ يُغْنِيهُمُ اللهُ مِنْ فَضْلِهِ

نام:۔ بن/بنت ------------ السید شمهودش

اوقات مقررہ میں تیار کر کے ورد یا غنی 1060 بار کر کے سنار سے سونا پالش کرا کر پرس یا کرنسی یا انعامی بانڈ یا زیورات میں رکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(سطر مؤخر صدر کے نیچے اعداد بدوح یلن لکھیں جدول یہ ہے)

مساوات	ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م
	۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴
ترفع	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
	۴	۶	۸	۱۰	۳	۵	۷
تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
	۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶
ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
	۴	۸	۴	۸	۲	۶	۲

(8) پانچوں سطر حروف کے 3 عدد قانون کے لکھیں لیکن ق ش ذ ظ کے نیچے عدد قانون نہ لکھا جائے گا۔

(9) چھٹی سطر میں رجعات لکھیں پہلے ربع میں 1111 چار بار لکھیں پھر دوسرے ربع میں 2222 الخ

(10) ساتوں سطر زاید العشر ہوگی وہ اس طرح لکھیں کہ دائیں سے بائیں ایک تا 9 تک عدد لکھیں خانہ دہم چھوڑ کر پھر ایک تا 9 تک لکھیں۔

(11) سطر نمبر 8 میں تکرار جنس رجنس سے مراد حروف کی اقسام مساوات ترفع تنزل اور ترقی ہے۔ **مثلاً** حرف ترقی کتنی بار آیا ہے تنزل ترفع کتنی بار آیا ہے۔

(12) سطر نمبر 9 میں تکرار حرف ہوگا **مثلاً** ب پہلی دفع آیا تو چھوڑ دیں دوسری بار آیا تو نیچے 1 لکھیں گے۔

(13) تمام سطور کے اعداد جمع کرلیں یعنی عدد بدوح یلن + عدد قانون + عدد ربع + عدد عشر + عدد تکرار + عدد تکرار حرف سب کا میزان کرلیں اعداد اکائی بذریعہ ایقغ جواب استخراج کرلیں یا ہم مرتبہ نظیرہ عین دلی خواہشات کے مطابق جواب آئے گا۔

مثال برائے تفہیم

یا علیم - 4 جولائی 2016ء کو کوئٹہ میں ہونے والی پندرہ ہزار والے انعامی بانڈ کی قرعہ اندازی میں اوّل انعام پر نکلنے والے نمبروں میں دائیں طرف پہلا اور دوسرا عدد کونسا ہوگا؟

ہم رتبہ

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط
ی	ی	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ص
غ								

اس سطر میں تمام اسرار پوشیدہ ہیں کمال ارتکاز اور توجہ کی ضرورت ہے۔

بسط حروف:۔ چ ا ر ج دل ا ی س ن د و ہ ز ا ر س و ل لا ک و ک و ی ٹ لا م ی ل لا و ن ے و ا ل ی پ ن د ر ہ ہ ز ا ر و ا ل ے ا ن ع ا م ی ب ا ن ڈ ک ی ق ر ع ہ ا ن د ا ز ی م ی ل ا و ل ا ن ع ا م پ ر ن ک ل ن ے و ا ل ے ن م ب ر و ں م ی ل د ا ی ں ط ر ف پ ہ ل ا ا و ر د و س ر ا ع د د ک و ن س ا ہ و گ ا

اعداد

باقی امور			
دن	پنج شنبہ	۴۱۲	سوال کے کل اعداد ۴۸۷۴
تاریخ	تیس	۴۷۰	تعداد حروف ۱۳۵
قرعہ اندازی	کوئٹہ	۴۴۱	نقاط ۵۸
برج شمس	سرطان	۳۲۰	میزان (1) ۵۰۶۷
قمری منزل	ثریا	۷۱۱	
قمری برج	ثور	۷۰۶	
طالع وقت	سرطان	۳۲۰	
ساعت کبیر	مشتری	۹۵۰	
ساعت صغیر	زحل	۴۵	
میزان (2)		۴۳۷۵	
تعداد	حروف	۴۰	
نقاط		۳۴	
		۴۴۴۹	

میزان 2+1 = 5067+4449 = 9516

اعداد = 9516

حروف بنے:۔ و ی ن ظ غ

ملفوظی = و ا و ی ا ن و ن ظ ا غ ی ن

اساس	و	ا	و	ی	ا	ن	و	ن	ظ	ا	غ	ی	ن
نظیرہ	ر	س	ر	خ	س	غ	و	غ	م	س	ن	خ	غ
موخرصدر	غ	ر	خ	س	ن	ر	س	خ	م	س	غ	ع	و
عددبدوح	۲	۴	۲	۳	۷	۴	۳	۲	۴	۳	۲	۲	۸

عددقانون	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳
زایدالعشر	۳	۲	۱	۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ربعات	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۴
تکرارجنس	۰	۱	۳	۰	۰	۴	۲	۵	۰	۳	۶	۷	۰
تکرارحروف	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	۱	۰	۲	۱	۲	۱
میزان	۹	۱۱	۱۰	۷	۲۱	۲۲	۱۸	۱۹	۱۵	۱۹	۱۸	۱۹	۱۷
عدداکائی	۹	۱	۱	۷	۱	۲	۸	۹	۵	۹	۸	۹	۷
حروف مستحصلہ	ط	ی	ی	ر	ا	ب	ف	ص د	ہ	ط ث	ف و	ط ت	ع ب

جواب ۹ چ ا ر اب ہدف ثبوت

۹ - ۴

یعنی کہ فسٹ کا آکڑہ 94 آیا ہے۔

سوال میں دائیں کا پہلا حرف ط کا 9 بن جاتا ہے بائیں کا 4 آکڑہ (94 آیا)

دعاگو

ستمبر 2016ء کیلیے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

8	4
7	1

تاریخ: 01-09-2016
دن: جمعرات
شہر: ملتان
مالیت بانڈ: 40000

5	3
2	1

تاریخ: 15-09-2016
دن: جمعرات
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: 200

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	3 ستمبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر 05 منٹ سے لے کر 11 بجکر 55 منٹ تک
2	7 ستمبر 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 02 منٹ سے لے کر 15 بجکر 52 منٹ تک
3	13 ستمبر 2016ء	دوپہر 13 بجکر 09 منٹ سے لے کر 13 بجکر 49 منٹ تک
4	18 ستمبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر 10 منٹ سے لے کر 11 بجکر 51 منٹ تک
5	26 ستمبر 2016ء	صبح 09 بجکر 02 منٹ سے لے کر 09 بجکر 52 منٹ تک

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لئے مامور کیا۔ دوستو! میں 01-09-2016 ملتان شریف بانڈ 40,000/ اور پشاور 15-09-2016 بانڈ 200/ آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سیّد مصور علی زنجانی اور سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

905714	
05	95
14	57

تاریخ: 15-09-2016
دن: جمعرات
شہر: پشاور
بانڈ: 200/-

715246	
71	52
46	67

تاریخ: 01-09-2016
دن: جمعرات
شہر: ملتان شریف
بانڈ: 40,000/-

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0				03		05	06		08		053	068
1		11	12		14	15			18		124	185
2	20			23		25	26	27		29	205	269
3		31	32		34		36			39	346	392
4	40			43		45	46			49	456	493
5		51		53				57		59	513	579
6			62		64	65		67		69	675	692
7	70		72		74	75	76		78		756	782
8	80			83				87	88	89	803	889
9		91	92		94		96		98		912	968

تاریخ: 01-09-2016
دن: جمعرات
شہر: ملتان
مالیت بانڈ: 40000

40	03	21
73	02	61
54	09	62
51	00	81

تاریخ: 15-09-2016
دن: جمعرات
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: 200

21	04	69
25	00	36
48	01	79
45	09	71

1 - 9 - 6 - 3 - 7   2 - 0 - 3 - 1 - 4

از تحریر: اقبال غنی، ہری پور ہزارہ

تاریخ: 01-09-2016
دن: جمعرات
شہر: ملتان شریف
بانڈ: 40,000/-

F			S
26	6	3	27
46	5		61
76			46
96	8	1	70

اوپن: 3 - 2 - 9 - 5

فسٹ	268-468-767-963
سیکنڈ	273-616-466-706
سیکنڈ	145-594-373-921

تاریخ: 15-09-2016
دن: جمعرات
شہر: پشاور
بانڈ: 200/-

F			S
27	4	1	10
37	8		34
57			04
97	6	0	89

اوپن: 2 - 4 - 7 - 9

فسٹ	275-372-575-972
سیکنڈ	106-343-048-896
سیکنڈ	657-454-357-464

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

ملتان شریف	مالیت - 40,000/-	مورخہ 01-09-2016				
09	25	58	74	81	90	3487 (بونس)

پشاور	مالیت - 200/-	مورخہ 15-09-2016				
28	31	40	59	62	73	9780 (بونس)

دعا

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

اکتوبر کے انعام آپ کے نام

از تحریر: ایم عادل، تربیلا ڈیم

تاریخ: 01-09-2016
دن: جمعرات
شہر: ملتان شریف
بانڈ: 40,000/-

3586-6561

358	3	5	35
651	6		65
668			66
701			70
886	8	9	88
896			89

7016-8965

تاریخ: 15-09-2016
دن: جمعرات
شہر: پشاور
بانڈ: 200/-

9066-8419

46			468
66	8	1	664
84	4		665
89			466
90	6	9	896
93			935
			906

8965-4682

مثبت توانائی

سنبلہ افراد تحفظ' شخصی صفائی ستھرائی' روز مرہ کا معمول' وفاداری' آزردگی کی کیفیت میں دلجوئی' مساوات' رومانس کا لطیف اظہار' اپنے آپ کو وقف کردینا' متحرک رہنا' کاملیت' جزئیات پر توجہ دینا' خیال آفرین' ملازمت اور دستور و قواعد پسند کرتے ہیں۔

منفی توانائی

اپنی مدد آپ' حاسد' خائف' بے اعتباری' اتنے باریک ہیں کہ بڑے مسائل نظر نہیں آتے' اپنے عقیدے سے باہر ہر شے میں کیڑے نکالنا' صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کے اصولوں کے معاملے میں حد سے زیادہ محتاط اور وہمی۔

پسند

سنبلہ افراد کاموں کو انتہائی درست انداز میں کرنا اور کرانا پسند کرتے ہیں' انہیں وقت' ڈیوٹی اور اصول و قواعد پر کار بند رہنے والے' زیادہ کام کرنے والے' مہذب' سلیقہ مند' اپنے سے زیادہ مضبوط پوزیشن کے لوگ پسند ہوتے ہیں۔

ناپسند

لیکن وہ سستی' بے ہودگی' محبت کا کھلم کھلا اظہار' شخصی بدسلیقگی' گندگی' منافقت' کمزوری' گلہ شکوہ' کاہلی' نئے تعلقات قائم کرنا اور کام سے فارغ کردیا جانا برداشت نہیں کرسکتے۔

سنبلہ کردار

ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ انسانیت کی بھلائی کے لیے علوم کو ایک دوسرے سے منتقل کرنا اور دوسروں کی بے لوث خدمت کرنا سنبلہ افراد کا طرۂ امتیاز ہے لیکن کسی دن سنبلہ یہ ضرور سوچے گا کہ کیا اس بے ترتیبی اور گندگی کو دور کرنے کے لیے میں ہی رہ گیا ہوں جسے برج اسد نے اپنے پیچھے چھوڑا ہے (اسد بہت خوش مزاج اور خوش طبع ہے لیکن ساتھ ہی بہت بدسلیقہ اور پھوہڑ ہے' وہ ایک گندہ مہمان ہے)

برج سنبلہ اور آپ کی شخصیت

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سنبلہ کو ترتیب' صفائی ستھرائی' قرینہ اور سلیقہ بہت پسند ہے' وہ اکثر اپنے پسندیدہ طریقے سے صفائی ستھرائی کرتے ہیں جس میں وہ ماہر ہیں' بعض سنبلہ افراد کو استری کر کے سکون ملتا ہے' بعض کو فائلنگ اور کتابوں کو ترتیب سے رکھنا پسند ہے اور بعض اپنے گھر میں جھاڑ پونچھ کر کے اور فرش کو چمکا کر سکون پاتے ہیں۔

وہ علامت جو سنبلہ کی نمائندگی کرتی ہے' پوری کہانی بیان نہیں کرتی' سنبلہ صرف جسم کی صفائی نہیں چاہتا بلکہ وہ روح کی پاکیزگی کا قائل ہے۔

سنبلہ افراد ہنگامے اور انتشار پر قابو پانا پسند کرتے ہیں' اسی طرح انہیں دوسروں کی زندگی میں بدنظمی' اکھاڑ بچھاڑ اور افراتفری کو دور کرنا بھی اچھا لگتا ہے' وہ بہت عمدہ مشورے دیتے ہیں کیوں کہ ان کی سوچ میں کوئی الجھاؤ نہیں ہوتا اور انہیں دور سے ہی تنازعے کا سبب نظر آجاتا ہے۔

سنبلہ افراد کو بڑے مسائل نظر تو آتے ہیں لیکن وہ جزئیات پر توجہ دے کر لطف اندوز ہوتے ہیں' اگر وہ یہ محسوس کررہے ہیں کہ ان کے حواس کام نہیں کر رہے یا وہ پُراعتماد نہیں ہیں تو وہ اکثر تفصیلات میں الجھ جاتے ہیں اور دوسروں کو

نتائج سے نمٹنے دیتے ہیں۔

سنبلہ کا ذہن بے حد صابر ہوتا ہے اور وہ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے ایسی رفتار سے آگے بڑھتے ہیں کہ کہیں کوئی غلطی سرزد نہ ہو جائے۔ وہ بہت ہی عمدہ سب ایڈیٹر اور سافٹ ویئر کے رائٹر ثابت ہوتے ہیں کیوں کہ وہ بہت عرصے تک صبر و سکون سے اپنے ذہن کو ایک ڈگر پر رکھنے کے اہل ہوتے ہیں۔

اس طرح وہ کتابی علم پر زور دینے والا انداز اختیار کر لیتے ہیں اور ہنگامی حالات میں بھی کوئی فوری فیصلہ کرنے سے قاصر رہتے ہیں' اگر ایک دفعہ وہ کسی مسئلے میں الجھ جائیں تو سنبلہ کا ذہن جب تک کسی خاطر خواہ نتیجے پر نہ پہنچ جائے' وہ کسی بھی قسم کی مداخلت پسند نہیں کرتا۔

چونکہ ان کا حاکم سیارہ عطارد ہے جسے پیغام رساں بھی کہا جاتا ہے لہٰذا سنبلہ افراد رابطہ قائم کرنے والے ہوتے ہیں لیکن ان کا انداز جوزا افراد سے کہیں زیادہ لطیف ہوتا ہے' سنبلہ افراد کو جو بھی اطلاع حاصل ہوتی ہے وہ اسے جوزا کی طرح جوں کا توں دوسروں تک نہیں پہنچاتے بلکہ اسے اچھی طرح چھان پھٹک کر کے تمام حقائق معلوم کر کے کسی نتیجے پر پہنچتے ہیں۔

سنبلہ کے پاؤں زمین میں گڑے ہوتے ہیں اور وہ تبدیلی کی ہوا سے لطف اندوز ہوتے ہیں لیکن اپنے اصول سے مخلص ہوتے ہیں' جوزا افراد اپنے خیالات بار بار بدلتے ہیں لیکن سنبلہ کی سوچ تبدیلی نہیں ہوتی' وہ اپنا دفاع کرنے کی پوزیشن میں ہوتے ہیں لہٰذا ہلکے پھلکے انداز میں کبھی بھی سنبلہ افراد سے مباحثہ کرنے کی کوشش نہ کریں' وہ موضوع کے تمام پہلوؤں پر بھرپور نظر رکھتے ہیں۔

یہ سنبلہ کے اندر بیٹھا ہوا نکتہ چیں ہے جو انہیں اذیت دینے کا موجب ہوتا ہے' سنبلہ افراد کی نگاہوں سے کوئی خامی یا غلطی چھپ نہیں سکتی' انہیں خود بہ خود ہر چیز میں حتیٰ کہ اپنے اندر کی خامی بھی نظر آ جاتی ہے' گھر یا دفتر میں داخل ہوتے ہی ان کی نظر کسی غلطی یا خامی پر سب سے پہلے پڑتی ہے۔

سنبلہ افراد فطری طور پر اپنے ہر کام میں جو وہ انجام دیتے ہیں' لگاتار کیڑے نکالتے رہتے ہیں گویا ایک عدم اطمینان کی کیفیت مسلسل ان کے ساتھ رہتی ہے اور انہیں مضطرب رکھتی ہے' یہ سلسلہ کم عمری سے ہی ان کے ساتھ ساتھ چلتا ہے' کوئی بہت ہی معمولی سی نکتہ چینی بھی سنبلہ بچے کے لیے بڑی اذیت ناک ہوتی ہے جو بڑا ہو کر خود نکتہ چینی کرے گا اور اپنے کام میں بھی خامی ڈھونڈے گا۔

بڑی عمر کے سنبلہ افراد کے لیے بھی یہی بات درست ہے' اس سے پہلے کہ وہ اپنے آپ کو تختۂ مشق بنائیں' انہیں نرمی سے سمجھائیں کہ وہ اپنے اندر تبدیلی لائیں اور اس کے لیے ان پر بہت زیادہ دباؤ ڈالنے کی ضرورت نہیں' وہ دوسروں پر بھی تنقید کرتے ہیں لیکن اپنی بات بہت سلیقے اور ہوشیاری سے دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔

"نو آموز ہمیشہ خامیاں ڈھونڈ کر ہی سیکھتے ہیں
لیکن اسکالر کو ہر شے میں مثبت خوبی نظر آتی ہے"
جارج ہیگل (فلسفی) شمسی برج سنبلہ' پیدائش 27 اگست 1770ء

دوسروں کی پروا کرنا اور خدمت کرنا سنبلہ افراد کی سب سے بڑی خوبی ہے' وہ آپ کی حاجت پوری کریں گے لیکن ان کی سکون کی شدید خواہش کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

سنبلہ منطقۃ البروج کے تنہائی پسند لوگ ہیں لہٰذا ان کے سکون کو درہم برہم کرنے کی کوشش نہ کریں تا کہ وہ آرام سے آپ کے ایک ایک مسئلے کو سلجھا سکیں۔

سنبلہ کا ذہن بہت نفیس ہے' انہیں ہمیشہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ تمام چیزیں کہاں رکھتے ہیں' ان کی کوئی شے مشکل ہی سے کبھی گم ہوتی ہے' اگر وہ کوئی غلطی کر بیٹھیں یا تھوڑا غیر حاضری دماغی کا ثبوت دیں تو اپنے آپ کو معاف نہیں کرتے' وہ چاہتے ہیں کہ ہر شے ان کے ذہن میں قرینے سے سجی ہو اور اس پر ان کا کنٹرول ہوتا ہے' اس طرح انہیں بہت سکون حاصل ہوتا ہے لہٰذا جب ان سے کوئی بھول چوک ہو جائے تو ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ ایسا کیوں ہوا؟

جب کوئی سنبلہ محبت میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کی محبت کو ہلکے پھلکے انداز میں نہ لیا جائے' ایک تغیر پذیر ذہنی برج کی حیثیت سے سنبلہ کے ذہن کی حرکت کنٹرول میں ہوتی ہے جو ان کے حواس کی چھلنی سے چھن کر بالآخر زمین پر آ جاتی ہے' وہ اپنے ذہن کو رومانس کے لیے تھوڑ بہت آزاد چھوڑ سکتے ہیں لیکن

اس معاملے میں بے حد عملیت پسند ہوتے ہیں اور ایسی کوئی حرکت نہیں کرتے جو غیر ذمہ دارانہ اور غیر محفوظ ہو۔

"زندگی ایک درد ہے اور محبت کا سرور حواس کو سلا دیتا ہے"

سیزیر پیولیسی (ادیب) شمسی برج سنبلہ پیدائش 9 ستمبر 1908ء

لیکن ایک مرتبہ اگر ان کا دل کسی کی محبت میں مبتلا ہوجائے تو وہ سارے جذبات اور احساسات جو سنبلہ نے تالے چابی میں بند کر رکھے تھے' اُمڈ آتے ہیں اور وہ انہیں اپنے محبوب پر نچھاور کرنے لگتے ہیں۔ وہ وفادار' خدمت گزار ذمہ دار اور اپنے آپ کو وقف کر دینے والے ہوتے ہیں' زبان و بیان کے ماہر اور نازک لمحات کو چابکدستی سے سنبھال لینے والے' سنبلہ افراد بیشتر معاملات میں بہت محتاط ہوتے ہیں لیکن جب ایک دفعہ وہ محبت میں گرفتار ہوجائیں تو وہ ہر طرح سے آپ کا خیال رکھیں گے اور آپ کی ناز برداری کریں گے' وہ اس رفاقت کو قائم رکھنے کے لیے وہ بھی کر گزریں گے جو ان کا شعار نہیں اور اسے زندہ رکھنے کے لیے کسی قسم کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کریں گے۔

یہ رویہ انہیں بہت غیر محفوظ کر دیتا ہے' خاص طور سے جب ان کی پرسکون اور تجزیہ کار سوچ دوسروں کو اس بات کا قائل کرتی ہے اور لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے سینے میں صرف ایک فولاد کا دل ہے جو دھڑکتا ہے' خوش قسمتی سے سنبلہ افراد کو کردار کی زبردست پرکھ ہوتی ہے اور وہ عام طور سے درست شخص کی محبت میں مبتلا ہوتے ہیں' انہیں اپنے محبوب سے بہت بلند توقعات بھی ہوتی ہیں' وہ مضبوطی پسند کرتے ہیں' خاص طور سے باوقار اور خاموش قسم کی۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

"اگر ہو سکتے ہیں تو دوسروں سے زیادہ عقلمند ہوں لیکن انہیں بتائیں مت کہ آپ ان سے زیادہ عقل مند ہیں"

لارڈ چیسٹر فیلڈ (مدبر' ادیب) شمسی برج سنبلہ' پیدائش 22 ستمبر 1694ء

سنبلہ افراد کا حافظہ حیرت انگیز ہوتا ہے اور انہیں چھوٹے چھوٹے اور معمولی واقعات بھی یاد رہتے ہیں' وہ عظیم ادیب اور معلم ہوتے ہیں کیوں کہ ان کے پاس انتہائی پے چیدہ سوالوں کا بھی جواب ہوتا ہے' وہ اپنی ذہنی صلاحیت اور خوش تدبیری کو تجزیہ کاری سے ہم آہنگ کر کے نہایت پے چیدہ مسائل کا بھی حل ڈھونڈ لیتے ہیں' انہیں کسی مسئلے میں ناکامی کی پرچھائیں بھی نظر آجاتی ہے' وہ جزئیات کے معاملے میں تھوڑا نفاست پسند ہو سکتے ہیں اور ان کی کاملیت پسندی کے سبب کام کی رفتار دھیمی پڑ سکتی ہے' وہ مشکل ہی سے لیڈر بنتے ہیں لیکن اگر وہ بلندی پر پہنچ جائیں تو بہت محنتی باس ثابت ہوتے ہیں جو آستین چڑھا کر کام میں جت جاتے ہیں' وہ ٹیم کے ایک فرد کی طرح کام کرتے ہیں اور اپنی ٹیم کو لنچ کے لیے زیادہ وقفہ نہیں دیتے' ان کا نعرہ کام' کام اور بس کام ہے۔

وہ سنبلہ افراد جو باس یا قائد ہیں' انہیں نرم رویہ اختیار کرنا چاہیے' اگر کوئی ان کے معیار کے مطابق کام کرنے کا اہل نہیں بھی ہے تو انہیں درگزر کرنا چاہیے کیوں کہ ہر کوئی ان کی طرح کاملیت پسند نہیں ہوسکتا' کاملیت پسندی کے خبط میں مبتلا ہوکر بعض سنبلہ افراد اپنے ساتھ کام کرنے والے دیگر افراد سے تعلقات بگاڑ لیتے ہیں' وہ ان کے خلاف ہوجاتے ہیں' انہیں یہ بات ذہن میں رکھنا چاہیے کہ وہ ساری دنیا کو بدل نہیں سکتے۔

"ہم سب لوگ عظیم کارنامے انجام نہیں دے سکتے ہیں لیکن ہم چھوٹے چھوٹے کام بڑی محبت سے تو انجام دے ہی سکتے ہیں"

مدر ٹریسا (انسان دوست سماج سدھار) شمسی برج سنبلہ' پیدائش 27 اگست 1910ء

مدر ٹریسا سنبلہ قیادت کی ایک عمدہ مثال ہے' وہ اسکوپجی (مقدونیہ) میں پیدا ہوئی تھی' اسے بچپن میں ایک "پکار" موصول ہوئی تھی اور اس نے اپنی بچپن کی ایک سہیلی کو بتایا تھا **"میں نے ایک مشن پر جانے اور خود کو مکمل طور پر خدا کے حوالے کر کے انسانیت کی خدمت کرنے کا فیصلہ کیا ھے"** یہ خدمت کرنے کی اس کی سوچ تھی جس نے اس کی زندگی کی راہ متعین کی۔

اٹھارہ سال کی عمر میں اس نے آئرش سسٹرز آف لوریٹو میں شمولیت اختیار کی

جس نے اسے جغرافیہ، تاریخ اور دینیات پڑھانے کے لیے کلکتہ کے سینٹ میری ہائی اسکول بھیج دیا، بعد میں وہ اسکول پرنسپل ہوگئی اور ہندی اور بنگلہ دونوں زبانوں میں مہارت حاصل کرلی۔

10 ستمبر 1946ء کو ایک ٹرین میں سفر کے دوران اپنے ٹی بی کے علاج کے لیے جاتے ہوئے مدر ٹریسا کو ایک غیبی آواز سنائی دی جو اس سے غریبوں کی مدد کرنے کو کہہ رہی تھی لہٰذا اس نے معلمہ کا پیشہ ترک کردیا اور کلکتہ کے گندے علاقوں میں لوگوں کی خدمت کرنے لگی۔

1950ء میں اس نے ایک خیراتی ادارہ قائم کیا جس کا کام ذات، پات، قومیت، رنگ و نسل سے بالاتر ہوکر غریبوں اور معاشرے کے ٹھکرائے ہوئے لوگوں کی مفت خدمت کرنا تھا۔

1952ء میں اس نے مفلوک الحال لوگوں کے لیے ایک گھر قائم کیا اور اس کے کچھ عرصے کے بعد اپنا پہلا یتیم خانہ کھولا۔

1979ء میں مدر ٹریسا کو اس کی خدمات اور جدوجہد کے عوض امن کا نوبل پرائز ملا جب اسے اس اعزاز کے بارے میں بتایا گیا تو اس نے فقط اتنا ہی کہا۔

"میں اس کی اہل نہیں ہوں"

اس کے ماتحت کام کرنے والوں میں اٹھارہ سو نرسیں اور ایک لاکھ بیس ہزار ورکرز تھے جو لگ بھگ دو سو مراکز چلا رہے تھے، بیسویں صدی کے اختتام تک ان کی تعداد دگنی سے بھی زیادہ ہوگئی تھی۔

مدر ٹریسا کبھی اپنے خیراتی اداروں کی محض سربراہ بن کر نہیں رہی بلکہ وہ ہر روز غریبوں کے ساتھ مل کر کام کرتی رہی یہاں تک کہ خرابی صحت کی وجہ سے مارچ 1996ء میں بستر سے لگ گئی، اس کا انتقال 5 ستمبر 1997ء میں حرکت قلب بند ہونے کے سبب کلکتہ میں ہوا، اس کی عمر 87 سال تھی۔

سنبلہ کی صحت

عطارد کی توانائی کے اثرات کی شدت کے سبب سنبلہ افراد بے حد حواس باختہ ہوتے ہیں، اگر یہ بدحواسی خود ان کی طرف مڑ گئی تو خاصی تباہ کن ہوسکتی ہے مثال کے طور پر سنبلہ افراد صحت کے معاملے میں بے حد دقیانوسی سوچ کے حامل ہوتے ہیں، وہمی ہونے کی حد تک، آپ انہیں ٹوک دیں اور صحت کے حوالے سے کسی خرابی کی نشان دہی کردیں مثلاً یہ کہ آپ کا وزن بڑھ رہا ہے، وہ فوراً آپ کی بات کا نوٹس لیں گے۔

وہ صرف سادہ غذائیں کھاتے ہیں اور خوب ورزش کرتے ہیں، اگر انہوں نے اپنا یہ طریقہ ترک نہ کیا تو انہیں اپنی صحت کی طرف سے گہری تشویش لاحق ہوسکتی ہے اور وہ مراقی ہوسکتے ہیں۔

سنبلہ افراد صحت کے سلسلے میں مشوروں کے معاملے میں بھی بہت حساس ہوتے ہیں، انہیں چاہیے کہ سوچ سمجھ کر اپنے لیے کوئی ڈاکٹر منتخب کریں لیکن اگر ایک دفعہ ان کا ذہن منظم ہوجائے تو ان میں امراض سے مدافعت کی زبردست صلاحیت ہوتی ہے۔

سنبلہ افراد کی صحت کا سب سے بڑا مسئلہ ان کا ہاضمہ ہے، انہیں غذا خوب چبا کر، معمول کے وقفے سے کھانا چاہیے اور انہیں چاہیے کہ کھانے کے ساتھ ساتھ کولڈ ڈرنک نہ لیا کریں اور کھانا کھانے کے بعد پانی نہ پیا کریں، انہیں بہت زیادہ کچی غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہیے، سبزی کو بھاپ سے ہلکا سا پکالیں تاکہ ہضم کرسکیں۔

سبزیاں مثلاً پالک، سلاد کے پتے، مٹر نیز جوشی چاول، گندم اور مسور بلڈ شوگر کو مستحکم کریں گے، پانی کمرے کے درجہ حرارت کے مطابق پئیں کیوں کہ کولڈ ڈرنکس ان کے ہضم کرنے کی طاقت کو کمزور کریں گی، سنبلہ افراد میں پوٹاشیم کی کمی ہوتی ہے لہٰذا انہیں ٹماٹر، سیب، کیلے اور سلاد فائدہ پہنچائیں گے۔

برج سنبلہ پیٹ کے علاقے، بڑی اور چھوٹی آنتوں اور تلی پر حکومت کرتا ہے، انہیں لاحق ہونے والی عام بیماریوں میں غذائی الرجی، آنتوں کے زخم، غذا کا جزو بدن نہ ہونا، درد قولنج، پیچش، قبض، مراق، پرانے امراض، کینسر، دست اور ذیابیطس شامل ہیں۔

خوشبویات میں لیونڈر ان کے لیے مفید ہیں۔

سنبلہ ساتھی

"اس نے میرے کوٹ کے کالر پر سے ان دیکھے

رُوئیں کے ریشے چن لیے (ملکیت جتانے کا عورت کا عالمگیر فعل)"

او ہنری (ادیب) شمسی برج سنبلہ، پیدائش 11 ستمبر 1862ء

آپ کی گرمی سنبلہ کو باہر کھینچ لائے گی اور وہ آپ کی مدح سرائی سے لطف اندوز ہوں گے لیکن جسمانی محبت کے کھلم کھلا اظہار یا بے تکلفانہ جوش وخروش کو سخت ناپسند کریں گے۔

اپنی پہلی ملاقات کو سادہ رکھیں، کوئی شو یا فلم دیکھنے کے بعد چائے یا کافی پئیں کیوں کہ سنبلہ شرمیلے ہوتے ہیں لیکن اگر انہیں کوئی تنقیدی موضوع دے دیا جائے تو ان کے پاس الفاظ کی کوئی کمی نہیں، اگر ان کے سینے میں کوئی چنگاری ہے تو آپ صبح تک ان سے حالات حاضرہ، موسیقی، سیاست، مذہب اور زندگی کے مقصد، غرض کہ ہر موضوع پر بات کر سکتے ہیں۔

سنبلہ کے لیے تحفہ

کچھ لوگ سبز قدم ہوتے ہیں، سنبلہ افراد سبز انگلیوں والے ہوتے ہیں، انہیں باغبانی سے بہت رغبت ہوتی ہے لہٰذا انہیں باغبانی کے اوزار پیش کرنا ایک اچھا آئیڈیا ہو سکتا ہے، ٹھگنے قد کے درخت کا تحفہ انہیں ایک صحت مند مشغلے کی راہ پر ڈال دے گا، ایسے درخت بے حد توجہ اور دیکھ بھال کا تقاضا کرتے ہیں اور گاہے گاہے ان کی کاٹ چھانٹ کی بھی ضرورت ہوتی ہے، سنبلہ افراد اس فن میں ماہر ہوتے ہیں۔

رنگوں میں سنبلہ افراد نیلے، گہرے بھورے اور ریت جیسے زرد رنگ کے تمام شیڈ پسند کرتے ہیں، اگر آپ انہیں کوئی لباس پیش کرنا چاہتے ہیں تو ان کے لیے بہت چست لباس کے بجائے ڈھیلا ڈھالا لباس منتخب کریں کیوں کہ وہ ضرورت سے زیادہ جسمانی گوشت کی نمائش پسند نہیں کرتے۔

سنبلہ افراد عام طور سے نان فکشن پڑھنا پسند کرتے ہیں لہٰذا سوانح عمریاں ایک اچھا تحفہ ہیں، لیونڈر سوپ یا پرفیوم ان کے پریشان ذہن کو سکون پہنچا سکتے ہیں۔

سنبلہ افراد بے حد نفیس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں لہٰذا اگر آپ جزئیات پر توجہ دیں تو وہ اس کی قدر کریں گے، اس امر کو یقینی بنائیں کہ تحفہ نفاست سے لپٹا ہوا ہو اور اس سے ایک خوشنما کارڈ منسلک ہو جس پر موقع محل کی مناسب سے کچھ تحریر ہو اور دستخط کیے گئے ہوں۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

وہ شرمیلا، بڑھ بڑھ کر باتیں نہ بنانے والا، سیدھا سادا، نکتہ چیں اور عملی ہے، وہ جذباتی سے بہت زیادہ تجزیہ کار اور رومانوی سے بہت زیادہ ذہین ہے، اسے تربیت، سلیقہ، قرینہ اور جزئیات سے عشق ہے اور کبھی کبھی اس کی زندگی انہی معاملات میں ختم ہو جاتی ہے۔

اس کے رویے کو قدرے زاہد، پُرفریب اور زندگی کے معاملے میں اس کی سوچ کو اخلاقی طور پر تنگ نظر کہا جا سکتا ہے، اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ وہ اس بات کی پروا کرتا ہے کہ لوگ کیا سوچتے ہیں لہٰذا اسے حد سے زیادہ اس بات کی فکر لگی رہتی ہے کہ درست کیا ہے اور غلط کیا ہے، اچھا کیا ہے اور برا کیا ہے اور یہ کہ دنیا والے اسے کیسا سمجھتے ہیں؟ چوں کہ وہ دوسروں کی رائے کو بہت اہمیت دیتا ہے اور اس پر اپنی توانائی صرف کرتا ہے لہٰذا اس کا رویہ بہت اچھی طرح اس کے معیار کو واضح کرتا ہے اور عورت ایک ایسا معیار ہے جو اس کے رویے کی تصدیق کرتا ہے۔

بہر حال، اسد کے برعکس وہ جسمانی کشش کا شیدائی نہیں بلکہ ذہانت اور شخصی قوت کا شیدائی ہے چوں کہ اس کا ذاتی شعور ناقص اور غیر ترقی یافتہ ہے لہٰذا وہ خاص طور سے ایسی ہستی تلاش کرتا ہے جسے وہ سراہ سکے، وہ ایک ایسی عورت سے مطمئن ہو سکتا ہے جو عملی، شفیق، پرتپاک ہو، اسے تحفظ کی یقین دہانی کرا سکے اور اس کے امیج کو کسی طرح بھی کم نہ کرے۔

اگر چہ سنبلہ مرد زبانی کلامی محبت کر سکتا ہے یا کرنا چاہتا ہے لیکن وہ اپنی جذباتی ضروریات کو پس پشت ڈال کر پوری دل جمعی سے خود کو اپنے کام کے لیے وقف کر سکتا ہے، وہ کام کا دھنی ہے جس کا محرک طاقت کے حصول سے زیادہ کام کی تعریف ہے، چوں کہ اس کا ذہن انتہائی نظم وضبط کا حامل ہے، وہ اپنے

خیالات کو آزاد کرنے کے لیے اپنے طریقے سے اپنے احساسات کو مردہ کر دیتا ہے اور اسی طرح وہ کسی کام کو بہ طریق احسن انجام دینے کے لیے اپنی نیند اور لحاتی خوشیاں بڑی آسانی سے قربان کر دے گا' فرض شناسی اس کے حواس پر اس طرح چھائی ہوئی ہوتی ہے کہ بعض اوقات وہ انسان سے زیادہ ربوٹ لگتا ہے لیکن جب اس کا سامنا کسی ضرورت مند سے ہو تو وہ انتہائی شفیق، مہربان، خبر گیری کرنے والا اور متردد ثابت ہوتا ہے۔

چوں کہ اس میں کاملیت پسندی کا رجحان پایا جاتا ہے اور اس کی پسند اور ناپسند شدید ہوتی ہے لہٰذا اسے مشکل ہی سے اپنا آئیڈیل ملتا ہے اور اگر اسے کوئی ایسا مل بھی جائے تو وہ اس میں کوئی نہ کوئی خامی نکالنے کی سر توڑ کوشش کرتا ہے' چوں کہ وہ بڑی مشکل سے اپنے آپ کو تسلیم کرتا ہے لہٰذا اسے دوسروں کو بھی تسلیم کرنے میں بڑی دشواری پیش آتی ہے' یہی وجہ ہے کہ وہ باطنی طور پر اس عورت کو کنٹرول کرنے کی کوشش کرتا ہے جو اس کے قریب آتی ہے۔

کنٹرول کرنا اس کی شخصیت کا ایک اہم عنصر ہے' یہ نہ صرف ترتیب اور سلیقہ کی بنیادی شکل اختیار کر لیتا ہے بلکہ اسے تحفظ کا ایک ایسا شعور عطا کرتا ہے جو اسے محبت میں کلی طور پر شاید کبھی نہ مل سکے۔

وہ کیا سوچتا ہے؟

بنیادی طور پر سنبلہ کاملیت چاہتا ہے اور اگر اسے یہ مل بھی جائے تو وہ اس میں مزید نکھار چاہے گا لیکن عورت کے معاملے میں وہ جسمانی کشش سے زیادہ ذہنی کاملیت کو ترجیح دیتا ہے' اہم بات یہ ہے کہ وہ ایسی عورت کو پسند کرتا ہے جس کا وہ احترام کر سکے اور احترام کرنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ عورت اسے ذہنی طور پر متحرک کرے یا اس میں ذہنی تحریک پیدا کرے۔ جذباتی یا اخلاقی کمزوری کی طرح ذہنی افلاس سے اسے سخت نفرت ہوتی ہے' اسی طرح چوں کہ وہ ایک ایسا آدمی ہے جو اس بات کو بے حد اہمیت دیتا ہے کہ لوگ اس کے بارے میں کیا سوچتے ہیں لہٰذا وہ شخصی وقار، طور طریقوں اور بردباری پر بہت زور دیتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ سب سے زیادہ اس امر کا خواہاں ہوتا ہے وہ کسی ایسی عورت سے محبت کرے جو بے عیب ہو حالانکہ بے عیب تو صرف خدا کی ذات ہے اور یہ حقیقت ہر سنبلہ مرد کو سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

چوں کہ وہ بے حد نکتہ چیں ہوتا ہے اسے مشکل ہی سے کوئی ایسی لڑکی ملتی ہے جو ہر طرح سے مکمل اور بے عیب ہو لہٰذا آخر میں اسے کسی ایسی لڑکی کے ساتھ گزارا کرنا پڑتا ہے جس سے گھریلو اطمینان حاصل ہو اور وہ اسے نکھار سکے' بے عیب اور مکمل شریک حیات کی تلاش میں اکثر سنبلہ مرد کی شادی تاخیر کا شکار رہوتی ہے۔

وہ کیا چاہتا ہے؟

وہ سلیقہ، قرینہ، ترتیب اور بنیادی شرطوں کا کنٹرول چاہتا ہے لیکن عقرب کے برعکس سنبلہ کا محرک برائے کنٹرول ذہنی نوعیت کا ہے، وہ ہمیشہ یہی سوچتا رہتا ہے کہ دوسرے لوگ اس کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور چوں کہ وہ شدت سے یہ چاہتا ہے کہ لوگوں پر اس کا اچھا تاثر قائم ہو، وہ اپنے ظاہری حلیہ کے معاملے میں بہت احتیاط سے کام لیتا ہے' وہ جس طرح شراب نوشی اور تشدد آمیز جذباتیت کو گھٹیا سمجھتا ہے، اسی طرح جذبات کے کھلم کھلا اظہار سے شرماتا ہے' کنٹرول اس کی زندگی میں ایک ترتیب اور سلیقے کا شعور پیدا کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں اس میں تحفظ کا احساس پیدا ہوتا ہے اور یہی تحفظ ہے جو اس کی سب سے بڑی ضرورت ہے' تحفظ کا احساس اسے فوری سوچنے، اپنے جذبات کو کنٹرول کرنے اور سرد مہری سے اپنے اردگرد کی بکھرتی صورت حال کو قابو میں کرنے کا اہل بناتا ہے۔

اگرچہ اسے مستحکم تعلق میں آرام اور خوشی مل سکتی ہے لیکن تحفظ کے معاملے میں وہ صرف اپنی ذہانت اور ذاتی کنٹرول پر بھروسا کرتا ہے۔ اسی کنٹرول کے بعد ترتیب اور سلیقہ اس کے شعور کی صحت کے لیے بہت ضروری ہے' اگر اس کی فائلوں کا ڈھیر صاف ستھرا نہ ہو، اگر فائلیں سلیقے اور ترتیب سے رکھی ہوئی نہ ہوں یا اس کا بیڈ روم صاف ستھرا نہ ہو اور اگر سارے بل وقت پر ادا نہ ہو گئے ہوں تو وہ ایک نارمل آدمی کے بجائے پریشانیوں کا غبارہ ہوگا۔

وہ کس بات سے ڈرتا ہے؟

محبت سے زیادہ اسے اپنا حسن کارکردگی عزیز ہے اور اسے سب سے زیادہ

اس بات سے خوف آتا ہے کہ وہ ناکام نہ ہوجائے اور بے وقوف نظر نہ آئے' زندگی میں ہمیشہ اسے اپنے امیج کی فکر کھائے جاتی ہے لہٰذا ایسی کسی بھی صورت حال میں جس سے اس کے وقار پر آنچ آنے کا خدشہ ہو، وہ پسپائی اختیار کرلیتا ہے' اگرچہ ظاہری سطح پر وہ مضبوط نظر آتا ہے کیوں کہ وہ نظم وضبط کا بے حد پابند ہے لیکن حقیقت میں وہ بہت منکسر المزاج ہے' وہ چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر پریشان ہوتا رہتا ہے جو بعض اوقات خود اس کی پیدا کردہ ہوتی ہیں' وہ جن لوگوں کو ناراض کردیتا ہے ان کا سامنا کرنے کی جرأت نہیں کرپاتا اور اس کے بجائے ان سے کنارہ کشی اختیار کرلیتا ہے' اگر وہ تعلق میں تنازع اور کام کے درمیان پھنس جائے تو ان دونوں کا آپس میں کوئی مقابلہ ہی نہیں ہے' وہ ہمیشہ کام کو چنے گا کیوں کہ اچھی کارکردگی سے اس کے وقار میں اضافہ ہوگا' تعلق اس کا منہ دیکھتا رہ جائے گا' دوسری طرف اگر وہ اپنی محبوبہ کو اس بات کا قائل نہ کرسکے کہ وہ غلطی پر ہے تو یہ جذباتی مسئلہ اس کے لیے بہت تشویش ناک اور کرب ناک ہوسکتا ہے۔

عورت، محبت اور سیکس میں اس کا رویہ؟

اگر اس کے زائچے میں نمایاں طور پر شمس و زہرہ بہتر پوزیشن میں نہیں ہیں تو یہ شخص رومینٹک نہیں ہے بلکہ ایک کلاسک عملی شخص ہے جو کسی قیمتی ڈکشنری یا گھڑی کو ترجیح دے گا' اگرچہ وہ کسی خواب ناک ماحول میں عمدہ قسم کا ڈنر کرنے پر معترض نہیں ہے لیکن خود ایسا کرنے کے بارے میں نہیں سوچے گا اور کسی عمدہ ریستوران میں ڈنر کرنے کے بجائے کسی چائے خانے یا کافی شاپ میں کچھ کھا پی کر گزارا کرے گا یعنی کسی ریستوران میں ڈنر کرنے کے جھمیلے میں کیوں پڑے جب مقصد پیٹ ہی بھرنا ہے تو بر گر کھا کر بھی یہ مقصد پورا کیا جاسکتا ہے۔

جہاں تک عورت کا تعلق ہے، اسے کوئی گل بداماں' حشر ساماں نہیں چاہیے جس کے حسن کی تجلی سے آنکھیں خیرہ ہوجائیں بلکہ اسے ایک ایسی لڑکی چاہیے جس سے وہ باتیں کرسکے چوں کہ وہ خود عدم تحفظ کا شکار ہے لہٰذا وہ ایک ایسی لڑکی چاہتا ہے جو خود محفوظ ہو تا کہ اسے طمانیت کا احساس ہوسکے لیکن وہ کسی ایسی لڑکی کا دیوانہ ہوسکتا ہے جو انتہائی ذہین ہو اور وہ ایسی لڑکی کو عزت اور احترام کے قیمتی تحفے سے نواز سکتا ہے۔

عام طور سے سنبلہ مرد عورتوں سے ملنے اور ان سے اپنے جذبات کا اظہار کرنے سے شرماتا اور جھجکتا ہے' اسی طرح وہ اپنے شدید جذبات کے اظہار میں انتہائی بے چینی اور اضطراب کا شکار ہوجاتا ہے لہٰذا ایک ایسی لڑکی اس کے لیے انتہائی مناسب ہے جو جذبات سے نہیں بلکہ ذہن سے کام لیتی ہو۔ وہی اس کے جذباتی تنازعات کا سکون سے تجزیہ کرسکتی ہے۔

چوں کہ وہ شرمیلا اور مطالعے کا شوقین ہے، تفریح طبع اور رنگین مزاج نہیں ہے لہٰذا ایک ہی لڑکی سے تعلقات اس کے حق میں بہتر ہیں' تعلق میں وہ نکتہ چینی کرنے والا اور کنٹرول کرنے والا دونوں ہی ہوسکتا ہے' اس کی ساتھی کو ایسا محسوس ہوگا کہ وہ کسی ٹیچر کے ساتھ ہے جو اسے مستقل طور پر یہ بتاتا رہتا ہے کہ کیا غلط ہے اور کیا صحیح ہے اور اسے کیا کرنا چاہیے اور کیا نہیں کرنا چاہیے۔

اس کا مثبت پہلو یہ ہے کہ وہ وفادار، خاموشی سے محبت کرنے والا اور بے حد خیال رکھنے والا ہوسکتا ہے' وہ اس قسم کا آدمی ہے کہ جب آپ بیمار پڑیں تو وہ آپ کے پاس ہوگا اور اگر آپ کو اس کی مدد یا تعاون کی ضرورت ہو تو وہ بخوشی اپنے اصولوں کو بالائے طاق رکھ کر آپ کے کام آئے گا' اس کے بدلے وہ آپ سے انتہائی وفاداری کا طالب ہوگا اور آپ کا کوئی بے ضرر سا فلرٹ بھی اسے اچانک برف کے تودے میں بدل دے گا' اس کے جذبات ٹھنڈے پڑ جائیں گے' اگرچہ وہ انہیں چھپانے کی کوشش کرے گا لیکن وہ اپنے جذبہ حسد کو چھپانے سے قاصر رہے گا۔

جنسی اعتبار سے اس میں خاکی پن اور وحشیانہ پن پایا جاتا ہے جب کہ جذباتی اعتبار سے وہ تناؤ کا شکار ہوسکتا ہے' عام طور سے سنبلہ مرد تفریح طبع نہیں ہوتا' وہ آپ کو سیر سپاٹے نہیں کرائے گا' بلا ضرورت آپ کے ساتھ اپنا قیمتی وقت ضائع نہیں کرے گا لیکن وہ ایک ایسا شخص ہے جو ہر دم آپ کے پاس رہے گا اور ایک ایسی عورت کے لیے جو جذبات سے کم اور دماغ سے زیادہ کام لیتی ہے اور جو طوفانی قسم کے عشق کے بجائے تحفظ چاہتی ہے' سنبلہ مرد ایک قابل عمل تعلق فراہم کرسکتا ہے۔

اس کی خوبیاں؟

وہ ذہین' پُر خیال' مہربان' وفادار اور انتہائی ذمہ دار ہے' اگرچہ وہ آپ کے بدن کا متوالا ہوسکتا ہے لیکن وہ ایک ایسا شخص ہے جو جسمانی کشش سے بہت زیادہ آپ کی ذہانت کا قدرداں ہوسکتا ہے' اگر وہ آپ کے گھر سے نکلتے وقت یہ کہے کہ ''میں تمہیں کال کروں گا'' تو شاید وہ اگلے ہی دن آپ کو کال کرے گا' وہ ایسی کوئی بات فراموش نہیں کرے گا جس کا اس نے آپ سے وعدہ کیا ہو۔

اس کی خامیاں؟

وہ خود کو راستی پر سمجھنے والا' پُرفریب زاہد' نکتہ چیں اور چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر گرفت کرنے والا ہوسکتا ہے' صفائی ستھرائی' سلیقہ' ترتیب اور کنٹرول کی طرح چھوٹے چھوٹے مسائل اس کے حواس پر چھائے رہتے ہیں' خاص طور سے غصہ میں وہ بالکل سرد مہر اور لاتعلق ہوسکتا ہے' سنگین قسم کے تنازع میں اسے صرف اپنے احساسات کا خیال رہتا ہے' دوسری طرف سے وہ اپنے ذہن کو بند کرلیتا ہے' وہ کینہ پرور ہوسکتا ہے اور دوسروں کی سبکی کے چٹخارے لے سکتا ہے' وہ بے تکلف نہیں ہوتا' اس میں بے ساختگی کی جرأت کا فقدان ہے اور چونکہ وہ دنیا والوں کے خیالات کو بے حد اہمیت دیتا ہے لہٰذا ارباب اختیار کے ناپاک عزائم پورا کرنے کی کمزور کوشش کرتا ہے اور اپنے نازک امیج کی تسکین کے لیے ان کی خوشامد اور چاپلوسی کرتا ہے۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کریں؟

اس کی دلچسپیاں معلوم کریں اور پھر اس موضوع پر اپنی معلومات بڑھائیں' اگر آپ کی بھی بہت سی دلچسپیاں ہیں تو آپ اپنی معلومات سے اسے متاثر کرسکتی ہیں چونکہ وہ بہت شرمیلا ہے لہٰذا پہلا قدم آپ کو اٹھانا پڑے گا' وہ عورتوں میں خود اعتمادی اور دلیری کی بہت قدر کرتا ہے لہٰذا دوستانہ انداز میں آگے بڑھیں اور اس سے گھل مل کر باتیں کریں' تھوڑی سی بے باکی کا مظاہرہ کریں چونکہ سنبلہ جذباتی سے زیادہ ذہنی ہے لہٰذا اگر آپ کی معلومات بہت اچھی ہیں' خاص طور سے اگر آپ نے کسی مضمون میں ماسٹرز کر رکھا ہے یا آپ کا مطالعہ بے حد وسیع ہے تو وہ آپ سے بے حد متاثر ہوگا' اسے اس بات سے کوئی غرض نہیں کہ آپ نے کتنے مہنگے کپڑے پہن رکھے ہیں اور کیسے زیورات سے خود کو سجایا ہے لیکن اگر آپ صاف ستھری لگ رہی ہیں' آپ کے بال ریشمی ہیں اور آپ نے ہلکا سا پرفیوم لگا رکھا ہے تو وہ خوش ہوگا حسن جتنا سادہ ہوا تنا ہی اسے بھاتا ہے۔

کیسے تعلق مضبوط رکھیں؟

اس کی انا کو ٹھیس مت پہنچائیں' اسے جذباتی تحفظ کا احساس دلائیں' اگر سنبلہ مرد کو اس امر کا احساس ہوگیا کہ اسے بہت سے رقیبوں سے مقابلہ کرنا پڑے گا اور وہ اس کے بغیر آپ کو حاصل نہیں کرسکے گا تو اس مقابلہ میں حصہ لینے کے بجائے وہ خاموشی سے اپنے کام کی طرف متوجہ ہوجائے گا اور کسی بھاری بھرکم کتاب کا مطالعہ کرنے کو ترجیح دے گا' بہت باخبر ہیں اور علمی بحث ومباحثہ کریں۔

چوں کہ سنبلہ کو صحت کا بہت خیال رہتا ہے لہٰذا اگر آپ موٹی ہورہی ہیں یا جسم بے ڈول ہورہا ہے تو وہ نہ صرف اس پر خود غور کرے گا بلکہ اس کا برملا اظہار بھی کردے گا چونکہ آپ کا سنبلہ مرد بہت شرمیلا ہے لہٰذا براہ راست اس کی طرف بڑھیں اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیں اور اسی طرح بے تکلفی کا مظاہرہ کریں' اگر آپ دونوں کے درمیان جھگڑا ہوجائے تو کبھی چیخیں چلائیں مت اور سب کے سامنے جذباتی ڈرامانہ کریں' اس کے جواب میں آپ کو انتہائی سرد نگاہیں ملیں گی جو اس بات کی عکاسی کریں گی کہ نہ صرف یہ کہ وہ آپ سے قطعی محبت نہیں کرتا بلکہ آپ اتنی بے وقعت ہیں کہ کوئی بھی آپ سے محبت نہیں کرسکتا لہٰذا چیخنے چلانے اور ایک ہنگامہ کھڑا کرنے کے بجائے بہتر یہی ہے کہ آپ جذباتی اختلافات پر اس طرح تبادلہ خیال کریں گویا یہ کوئی علمی مباحثہ ہو' آپ کو اس بات کی ضمانت دی جاسکتی ہے کہ وہ آپ کی بات توجہ سے سنے گا۔

حقیقت پسندانہ توقعات؟

اگر آپ گلیمر' دھوم دھام' سنسنی خیزی' چمک دمک اور رنگینیوں کے متلاشی ہیں تو یہاں آپ کو یہ سب کچھ نہیں ملے گا' یہ تمام چیزیں صرف اس صورت میں ملیں گی جب وہ اسد یا میزان برج کا حامل ہوگا۔

بہر حال' اگر آپ ایک سنبلہ کی پُرسکون' مستحکم اور ترتیب والی زندگی گزارنا چاہتی ہیں تو سنبلہ مرد آپ کے لیے ہوسکتا ہے' شادیاں آسمانوں میں ہوتی ہوں گی لیکن اس کی جڑیں زمین میں ہیں' وہ دل کے بجائے دماغ سے سوچتا ہے۔

آپکا ماہِ ستمبر 2016 کیسا رہے گا

astrology September

فہرست

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَلُ وَالزُّهْرَهِ وَالْعُطَارِد وَالْمَرِّیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بدحالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

حمل

21 Marc – 20 April

ستارہ: مریخ
حروف: ا، ل، ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ کیم تا 27 ستمبر بیت السفر (نویں) رہتے ہوئے بیرون ملک سفر سے متعلقہ امور خاصی اہمیت کے حامل رہیں اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع، روحانیت و مذہبی تقریبات میں شمولیت وانعقاد راحت بخشے۔ مریخ یہاں دسویں گیارہویں کے حاکم زحل کے ہمراہ ہوگا جس سے کاروباری وحلقہ احباب سے متعلقہ امور میں محتاط اور وعدوں کی پاسداری ضروری ہو۔ سفر میں تاخیر، ماہ کے شروع میں شمس قمر چھٹے قران ہمراہ عطارد مشتری اور راس ہونے کے باعث صحت جسمانی میں ورزش سے بہتری اور ادویہ واغذیہ بھی فائدہ مند ہوں۔ کیم ستمبر چھٹے سورج گرہن سے ملازمتی ذمہ داریوں میں چوکنا اور صحت کا خاص خیال رکھیں۔ اندیشہ مسائل پریشانی تحمل مزاجی سے محفوظ رہیں۔ 15,14 ستمبر شمس مریخ تربیع حالات کے پیش نظر مشاورت وسوچ بچار سے فیصلے کریں جلد بازی سے گریز، جذبات وغصہ پر کنٹرول رکھیں۔ ستمبر بارہویں چاند گرہن خفیہ حاسدین آشکار ہوں۔ 18,17 ستمبر مریخ یورانس تثلیث سے قائدانہ صلاحیت نکھریں اور تخلیقی آئیڈیاز حوصلہ بڑھائیں۔ کئی ایک مسائل کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ 20,19 ستمبر زہرہ مریخ تسدیس سے صحت مند تفریح اور سیر وسیاحت کے پروگرام، رومانوی طبیعت، تخلیقی صلاحیت نکھریں۔ دوران چاند گرہن دو نفل نماز خسوف اور سورج گرہن دو نفل نماز کسوف ضرور ادا کریں تا کہ گرہن کے نحس اثرات سے محفوظ رہیں اور صدقات بھی حسب توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ : گھریلو، خاندانی اور جائیداد کے امور آپ کے لیے روپے پیسے کی خاص اہمیت ہو۔ کاروباری امور میں دوسرے افراد کی طرف سے دباؤ کا سامنا کرنا پڑے۔ رومانوی زندگی خوشگوار ہوسکے۔ اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنا سکیں۔ اہم منصوبوں پر کام کرنے کا موقع ملے۔ مشترکہ امور میں حصہ لے کر آپ اپنی پوزیشن کو مستحکم بنا سکیں۔ سرمایہ کاری میں ترقی کا عنصر غالب رہے۔

دوسرا ہفتہ : خاندانی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں۔ ٹریفک کے معاملات خاص طور پر ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔ مستقبل سے متعلق سرمایہ کاری میں اپنی خواہشات کی تکمیل کر سکیں گے۔ رومانوی زندگی میں کسی دیرینہ خواہش کی تکمیل کا امکان ہے۔ صحت جسمانی کے سلسلے میں محتاط رویہ اختیار کریں۔ کوئی اہم پیغام موصول ہوگا۔ بے روزگار افراد تلاش معاش میں سرگرداں رہیں۔

تیسرا ہفتہ : دوسرے افراد پر زیادہ انحصار کیا جائے۔ نئے کاروبار میں دوسرے افراد سے مدد لے سکیں۔ آپ کی خواہش کے مطابق اچانک کامیابی حاصل ہو۔ دوسرے افراد سے اختلاف کا خدشہ ہے۔ سرمایہ کاری میں احتیاط کی ضرورت ہو۔ گھریلو اور مستقبل سے متعلق امور میں ترقی کا عنصر غالب رہے۔ رومانوی اور سرمایہ کاری کے امور کے سلسلے میں کوئی خوشخبری سنیں گے۔ اپنی خواہشات کو تقویت دے سکیں۔

چوتھا ہفتہ : رومانس میں خوشی حاصل ہو۔ نجی طور پر منصوبہ بندی کرنے سے خوشی حاصل کرسکیں۔ اپنی منزل مقصود کو حاصل کرسکیں۔ دیرینہ خواہشات کی تکمیل کرسکیں۔ مستقبل کے لیے کوئی خوشخبری سن سکیں۔ کاروباری اور گھریلو امور میں کامیابی حاصل ہوگی۔ سرمایہ کاری سے متعلق کوئی خوشخبری سن سکیں گے۔ بچوں کے معاملات میں خاص توجہ سے خوشی حاصل کرسکیں۔ تفریحی سرگرمیوں میں دلچسپی لے سکیں۔ شریک حیات سے تعاون کرنے کی کوشش کریں۔ قانونی اور تعلیمی امور پر کام کرسکیں۔ کوئی خوشی ملے۔ نجی ترقی کے لیے بہتر اقدامات کرسکیں۔

سعد تواریخ: 27,21,19,4 ستمبر **نحس تواریخ**: 16,14,13 ستمبر

TAURUS

ثور

21 April – 21 May

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔ و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ کیم تا 23 ستمبر چھٹے بیت الارض رہتے ہوئے ملازمتی ذمہ داریوں میں اضافہ لیکن صحت جسمانی بہتر ہوسکے۔ 24 تا 30 ستمبر زہرہ ساتویں رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی شریک کار سے روابط میں بہتری لائے۔ پانچویں مشتری عطارد شمس وقمر کی ہمراہ راس نشست رومانوی محبت کے معاملات میں خوشگواری کا احساس لیکن کیم ستمبر پانچویں سورج گرہن سے معاملات حساس بھی رہ سکیں بالخصوص اولاد کے روز وشب پر نگاہ رکھنی ضروری ہے۔ 3,2 ستمبر زہرہ زحل تسدیس کے باعث فرض شناسی، ایمانداری کے ساتھ ڈپلومیسی سے مثبت اقدامات وفیصلے بھی کرسکیں۔ 12,11 ستمبر زہرہ پلوٹو تربیع کے باعث جنس مخالف سے رنجش لیکن محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ چاند گرہن سے دوستوں سے توقعات کی وابستگی مایوسی دلائے محتاط رہیں۔ 19,18 ستمبر زہرہ یورانس مطالبہ کے باعث منفرد خیالات کا اظہار اور سماجی پوزیشن متاثر ہونے کا اندیشہ۔ 20,19 ستمبر زہرہ مریخ تسدیس کے باعث صحتمند اقدامات اور تخلیقی صلاحیت نکھریں۔ گھریلو تزئین وآرائش میں خاص توجہ رہے۔ دوران چاند گرہن دو نفل نماز خسوف اور سورج گرہن دو نفل نماز کسوف ضرور ادا کریں تا کہ گرہن کے نحس اثرات سے محفوظ رہیں اور صدقات بھی حسب توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ : سرمایہ کاری کا آغاز کرسکیں۔ سفر کے دوران احتیاط سے کام لیں۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ دوستوں کی طرف سے تعاون حاصل ہو۔ کسی دیرینہ خواب کی تکمیل ہو۔ دوسرے افراد سے معاملات طے کرسکیں۔ کاروبار میں شریک افراد سے معاہدہ کر کے آپ کو اطمینان ہو۔ خریداری کے مواقع ملیں۔ گذشتہ کیے گئے وعدے کے ٹوٹنے کا خدشہ ہے، زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔

دوسرا ہفتہ : سفر کے دوران غیر ضروری احتیاط کی ضرورت ہو۔ دلی امور میں پریشانی کا خدشہ ہے۔ روپے پیسے کے امور خاص اہمیت کے حامل ہوں۔ خواہشمند افراد ملازمت کے حصول کے لیے کوشاں رہیں۔ سماجی سرگرمیوں میں آپ کی مصروفیت بڑھے۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ رومانوی عنصر غالب رہے۔ نجی طور پر خریداری کرسکیں۔ ورزش اور خوراک کے معاملے میں پروگرام مرتب کرسکیں۔

تیسرا ہفتہ : سنجیدگی سے کام کرنے سے ترقی حاصل ہوسکے۔ دوسرے افراد کا تعاون بھی حاصل ہو۔ آمدن اور اخراجات میں توازن قائم کرسکیں۔ بیروزگار افراد کو روزگار کے لیے کوشش کرنا پڑے گی۔ اپنی سماجی پوزیشن کو بہتر بنا سکیں۔ کوئی ایسی خبر سنیں گے جس کے لیے آپ کو اہم اقدامات کرنے کی ضرورت ہو۔ اپنی رہائشی پوزیشن بہتر بنا سکیں۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی کے بارے میں غور وفکر کرسکیں۔

چوتھا ہفتہ : مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے آپ کو خاص توجہ کی ضرورت ہو۔ دوستوں سے بات چیت کرنا مفید رہے۔ مہنگی اشیاء کی خریداری میں آپ کو خاص احتیاط کی ضرورت ہو۔ دوسرے افراد آپ کی حوصلہ افزائی نہیں کریں گے۔ اپنے خیالات کی مدد سے اپنی پوزیشن کو بہتر بنا سکیں۔ ملازمت پیشہ افراد سماجی امور میں شرکت کرسکیں۔ گھر کی تزئین وآرائش میں مصروف رہیں۔ بچوں کے معاملات میں آپ کو غیر ضروری توجہ کی ضرورت ہو۔ آپ کی خود اعتمادی اور مقناطیسی شخصیت آپ کی سماجی شہرت میں معاون ثابت ہو۔

سعد تواریخ: 21,8,7 ستمبر **نحس تواریخ**: کیم، 19,12 ستمبر

GEMINI

جوزا

22 May – 21 June

ستارہ: عطارد

حروف: ق ک

دن: بدھ

عدد: 5

رنگ: پیلا یا ملے جلے

پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air

Ruling Planet: Mercury

Symbol: The Twins

Your Stone: Aquamarine

Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.

Secret Desire: To be ahead of the crowd.

تمام ماہ آپکا حاکم عطارد شرفی گھر رہتے ہوئے یکم تا22 ستمبر راجع رہتے ہوئے خانگی وسواری کے علاوہ زمین وجائیداد کے امور خاصی توجہ کے مستحق ہوں۔ جبکہ 23 ستمبر سے عطارد مستقیم میں ہونے سے خانگی مسائل کا مثبت حل اور حالات پرسکون رہیں۔ ساتویں مریخ زحل کی نشست اس ماہ بھی شراکتی امور محتاط رہیں اور یکم ستمبر چوتھے سورج گرہن زمین جائیداد اور خانگی امور خاصی توجہ کے مستحق ہوں اور والدہ کی صحت کا بھی خاص خیال رکھیں۔ 3,2 ستمبر عطارد مشتری قران سے حالات کے مطابق مثبت ومستحکم فیصلے کریں کیں اور سیکھنے کا عمل جاری رہے۔ 13,12 ستمبر عطارد مریخ تربیع کے باعث مسائل رکاوٹ اور خواہ مخواہ کی پریشانی کا اندیشہ۔ بحث وتکرار سے گریز 14,13 ستمبر شمس عطارد قران کے باعث حالات کے مطابق فیصلے لینے کی ضرورت۔ سفر وسیلہ ظفر، ذہنی پختگی آنے سے حالات میں مثبت تبدیلیاں لاسکیں۔ 16 ستمبر وتد السماء میں چاند گرہن کیریئر کاروبار اور عزت وساکھ متاثر ہونے کا خدشہ، مثبت حکمتِ عملی اپنائیں 24,23,22,21 ستمبر عطارد پلوٹو حثیث کے باعث نفسیاتی مسائل وسوچ کا حل اور گفتگو میں اثر فائدہ مند رہے۔ دوران چاند گرہن دونفل نماز خسوف اور سورج گرہن دونفل نماز کسوف ضرور ادا کریں تاکہ گرہن کے نحس اثرات سے محفوظ رہیں اور صدقات بھی حسب توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ : آمدن میں اضافہ کے لیے سرمایہ کاری کرسکیں۔ مستقبل کو درخشاں بنانے کا موقع ملے۔ رومانوی اور بچوں کے امور میں آپ کی دلچسپی بڑھے۔ گھریلو زندگی خوشگوار ہوسکے۔ نجی طور پر سرمایہ کاری کے لیے کام کرسکیں۔ آپ اپنی کوششوں سے رہائشی منصوبہ پر کام کرسکیں۔ دوستوں سے کسی غلط فہمی کی وجہ سے اختلافات کا خدشہ ہے۔ افسرانِ بالا کی طرف سے دباؤ کا خدشہ ہے۔ ڈرائیونگ احتیاط طلب ہو۔

دوسرا ہفتہ : پیچیدہ سرمایہ کاری کے امور کو شریک کار افراد سے طے کرسکیں۔ دوسرے افراد کا تعاون حاصل ہو۔ تعلیمی امور کے لیے سفر کا پروگرام بنا سکیں۔ جائیداد کی خرید وفروخت کا معاملہ طے ہوسکے۔ گھریلو ضرورت کی اشیاء کی خریداری کرسکیں۔ شادی بیاہ کے امور کی وجہ سے کام میں رکاوٹ کا خدشہ ہے۔ آپ اپنی کوششوں سے رہائشی منصوبہ پر کام کرسکیں۔ دوستوں سے کسی غلط فہمی کی وجہ سے اختلافات کا خدشہ ہے۔

تیسرا ہفتہ : رومانوی اور بچوں سے متعلقہ امور میں خوشی حاصل ہو۔ گھر پر تقریبات منعقد کرنے کا موقع ملے۔ سرمایہ کاری سے متعلق مسائل آپ کی توجہ سے حل ہوسکیں۔ ملازمت میں ترقی کے لیے کوشش کرسکیں۔ آپ اپنی صحت جسمانی میں بہتری محسوس کرسکیں۔ شادی بیاہ کے معاملات میں سنجیدگی سے طے کرسکیں۔ قانونی معاملات میں محتاط رویہ اختیار کریں۔ رومانوی اور سماجی امور میں کامیابی کا امکان ہے۔

چوتھا ہفتہ : سرمایہ کاری، صحت جسمانی اور ملازمت سے متعلق امور میں خاص توجہ کی ضرورت ہو۔ مستقبل کے لیے منصوبہ بندی کرسکیں۔ اہم افراد سے لین دین کرسکیں۔ آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل ہو۔ ملازمت کے سلسلے میں کوئی خوشخبری سن سکیں۔ سماجی اور سرمایہ کاری کی سرگرمیوں میں مصروف رہیں۔ مسائل حل ہوسکیں۔ ملازمت کے خواہشمند افراد کو بہتر مواقع مل سکیں۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہو۔ اہم مقاصد کی تکمیل کے لیے اہم شخصیت سے مل سکیں۔ گذشتہ نامکمل امور کو مکمل کرسکیں۔ بعض معاملات میں آپ اپنی خود اعتمادی سے کامیابی حاصل کرسکیں۔

سعد تواریخ: 26,21,13 ستمبر **نحس تواریخ:** یکم,16,14 ستمبر

CANCER

Element: Water

Ruling Planet: The Moon

Symbol: The Crab

Your Stone: Moonstone

Life Pursuit: Constant reassurance and intimacy.

Secret Desire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپکا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ بارہ منطقۃ البروج میں سیر کناں رہتے ہوئے ہر ماہ جب برج ثور میں شرف اور برج سرطان میں عروج میں ہوتو آپ کو ہر ماہ سعادتیں دلاتا ہے۔ اس ماہ یہ 21,20 ستمبر شرف جبکہ 25,24 ستمبر حالتِ عروج میں ہوتو حالات میں موجود پریشانیوں کے بادل چھٹ جائیں اور معاملات میں بہتری آسکے۔ جبکہ قمر جب 8,7,6 ستمبر برج عقرب اور 12,11 ستمبر برج جدی میں ہوتو ان ایام میں صدقہ وخیرات کریں اور جلد بازی سے گریز کریں۔ اس ماہ آپکے تیسرے ماہ کے شروع میں عطارد مشتری، شمس وقمر اور راس کی موجودگی سفر سیر وسیاحت، عزیز واقارب، ہمسائے بہت بھائیوں کے معاملات میں خصوصی توجہ رکھے جبکہ یکم ستمبر تیسرے ہی سورج گرہن سے سفر صدقہ دے کر ضروری ہوتو کریں اور بحث تکرار سے گریز کریں۔ 10 ستمبر مشتری کی تیسرے سے چوتھے تبدیلی خانگی خوشحالی اور زمین جائیداد میں سکھ دلائے۔ 16 ستمبر نویں چاند گرہن سے بیرون ملک سفر میں رکاوٹ وتاخیر اور تعلیمی کیریئر میں مشاورت سے عمل کریں۔ دوران چاند گرہن دونفل نماز خسوف اور سورج گرہن دونفل نماز کسوف ضرور ادا کریں تاکہ گرہن کے نحس اثرات سے محفوظ رہیں اور صدقات بھی حسب توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ : شریک حیات سے اُلجھنے سے گریز کریں۔ خاندانی امور کے سلسلے میں سفر پیش آسکتا ہے۔ کاروباری معاملات پر توجہ دینے سے آپ نجی طور پر ترقی کرسکیں۔ سرمایہ کاری میں محتاط رہیں۔ سماجی اور دوستوں کے امور خوشگوار ہوں۔ کوئی پرائیویٹ پیغام سن سکیں۔ صحت جسمانی کی حفاظت کے لیے احتیاط کی ضرورت ہو۔ نزدیکی افراد کا تعاون حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ رومانوی عنصر غالب رہے۔

دوسرا ہفتہ : روپے پیسے کے معاملات میں آپ کی دلچسپی بڑھے۔ سرمایہ کاری سودمند رہے۔ خاندانی امور میں خوشی حاصل ہو۔ ذرائع ابلاغ اہم حیثیت رکھیں۔ شریک حیات سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ گھریلو امور میں خوشی حاصل ہو۔ کوئی تقریب منعقد کرسکیں۔ رومانس کے مواقع ملیں۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے۔ صحت جسمانی کے سلسلے میں محتاط رہیں۔ خوراک اور صحت کے سلسلے میں پروگرام مرتب کرنے کی ضرورت ہو۔

تیسرا ہفتہ : رومانوی عنصر غالب رہے۔ اپنے مستقبل کے لیے بہتر منصوبہ بندی کرسکیں۔ بعض افراد سے اختلافات پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ سرمایہ کاری مفید رہے۔ عزیز واقارب سے اہم معاملات طے کرسکیں۔ دوستوں کے ساتھ مل کر کام کرنے سے بعض معاملات میں فائدہ حاصل ہو۔ کاروباری معاملات میں آپ اپنے منصوبوں پر عمل کرسکیں۔ اپنے آپ کو ممکنہ چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرسکیں۔

چوتھا ہفتہ : کسی خوشگوار سماجی تقریب میں شرکت کرسکیں۔ ملازمت پیشہ افراد سماجی پروگرام پر عمل کرسکیں اور شریک حیات سے تعاون کرنے سے آپ اپنے مقاصد کی بہتر طور پر تکمیل کرسکیں۔ مستقبل کے لیے پروگرام مرتب کرسکیں۔ کام میں بہتر نتائج کے لیے آپ کو سخت محنت کی ضرورت ہو۔ اپنے اِردگرد کے حالات میں محتاط رویہ اختیار کریں۔ آرام کرنے میں زیادہ وقت صرف کرسکیں۔ آپ کی عزت وشہرت میں اضافہ ہو۔ اپنی دیرینہ خواہشات کی تکمیل کرسکیں۔ بزرگوں کی صحت جسمانی کے سلسلے میں خوشی محسوس ہو۔ قانونی امور میں دلچسپی سے آپ سفر کرسکیں۔

سعد تواریخ: 25,24,21,20 ستمبر **نحس تواریخ:** یکم,16,12,11,8,7,6 ستمبر

LEO اسد

24 July
23 August

